تعمیر عہدِ نبوی

علی محمد خان

تقویم عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

علی محمد خان

کتاب	تقویم عہدِ نبوی ﷺ
مولف	علی محمد خاں
ناشر	ڈاکٹر نور محمد یوسف زئی
نظرِ ثانی	پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد
طابع	
طبع اوّل	جنوری 2007ء
قیمت	=/250 روپے

پتہ: پاکستان

ڈاکٹر نور محمد یوسف زئی (ایف۔آر۔سی سائیک)

E-66/1، بلاک۔7، گلشن اقبال، کراچی۔

فون: 021-4962589

پتہ: انگلستان

Dr. N. M. Yousufzai

FRC Psych

203 Walsall Road

Four Oaks

Sutton Coldfield

West Midlands B74 4QA

U.K.

Tel: 00440121353O656

E-mail: nooryousufzai@hotmail.com

فہرست مضامین

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

☆ یسئلونک عن الاھلّۃ ط قل ھی مواقیتُ للنّاسِ والحج (البقرۃ ۱۸۹)

(لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے چاند کی گھٹتی بڑھتی صورتوں کے متعلق (سوال) پوچھتے ہیں کہ دیجئے یہ لوگوں کے لئے تاریخوں (وقت) کے تعین اور حج کی علامتیں ہیں۔

☆ اِنّ عـدّۃ الشھور عنداللہِ اثنا عَشَر شھراً فی کتب اللہ یوم خلق السماوات والارض منھا اَربَعۃٌ حُرمٌ (التوبہ ۳۶) یقینا شمار مہینوں کا (جو کہ کتاب الٰہی میں) اللہ کے نزدیک (معتبر ہیں) بارہ مہینے (قمری) ہیں۔ جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کیے تھے (اسی روز سے) اور ان میں سے چار خاص مہینے ادب کے ہیں ہا (حرام ہیں)۔

☆ انّماَ النسیءُ زیادۃٌ فی الکفرِ یضَل بہ الذین کفروا یُحلونہ عاماً وَّ یُحرمونہ عاماً لیواطئوا عدّۃَ ما حَرَّمَ اللہ فیـحلو ما حرّم اللہ (التوبہ ۳۷) بیشک نسی تو کفر میں ایک مزید کافرانہ حرکت ہے جس سے یہ کافر لوگ گمراہی میں مبتلا کیے جاتے ہیں کسی سال ایک مہینہ کو حلال کر لیتے ہیں اور کسی سال اس کو حرام کر دیتے ہیں تاکہ اللہ کے حرام کیے ہوئے مہینوں کی تعداد پوری بھی کر دیں اور اللہ کا حرام کیا ہوا حلال بھی کر لیں۔

☆ ھو الذی جعل الشمس ضیآءً وَّ القمرَ نوراً وقدّرہٗ مَنازِلَ لتعلموا عدد السنین والحساب ط

(یونس ۵) وہ اللہ ایسا ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو بھی نورانی بنایا اور اس کی (چال کے لئے) منزلیں مقرر کیں تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کر لیا کرو۔

☆ والشمس تجری لمستقرلھا ط ذلک تقدیرُ العزیزِ العلیم ط والقمر قدرنٰہُ مَنازِلَ حتّٰی عادَ کالعرجونِ القَدیمِ لا الشمس ینبغی لھا ان تُدرک القمر ولا الیل سابق النھار ط و کل فی فلک یسبحون

(یٰسین ۳۸،۳۹،۴۰) اور ایک نشانی) آفتاب ہے کہ وہ اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے۔ یہ اندازہ باندھا ہوا ہے اس (خدا) کا جو زبردست علم والا ہے اور چاند کے لئے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ ایسا ہو جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی۔ نہ آفتاب کی مجال کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے اور دونوں ایک ایک دائرہ میں تیر رہے ہیں۔

---

[1] مقصود آیت میں اس حساب کا ابطال ہے جس سے احکام شرعیہ میں اختلال پالفعل ہونے لگے جیسا اہل جاہلیت کی عادت کا بیان کیا گیا البتہ چونکہ احکام شرعیہ کا مدار حساب قمری پر ہے اس لئے اس کی حفاظت فرض علی الکفایہ ہے پس اگر ساری امت دوسری اصطلاح کو اپنا معمول بنا لے جس سے قمری حساب ضائع ہو جائے تو سب گناہگار ہوں گے اور اگر وہ محفوظ رہے تو دوسرے حساب کا استعمال بھی مباح ہے لیکن خلاف سنت سلف ضرور ہے اور حساب قمری کا برتنا بوجہ اس کے فرض کفایہ ہونے کے اور لابد افضل واحسن ہے (ترجمہ وحاشیہ مولانا تھانوی۔ بیان القرآن مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ج ۱ ص ۱۱۴)

عرضِ ناشر

خوشی اور ندامت کے ملے جلے جذبات کے ساتھ ابا مرحوم کی یہ پانچویں اور آخری کتاب حاضرِ خدمت ہے۔ خوشی اس بات کی کہ جو کام ابا مرحوم کی زندگی میں شرمندۂ طباعت نہ ہوسکا تھا بہ توفیق الٰہی میری حقیر کوششوں سے منظرِ عام پر آرہا ہے۔ ندامت اس بات کی ہے کہ بعض موانعات کے سبب اس پیشکش میں بہت تاخیر ہوگئی۔ ۱۹۷۳ء میں سروے آف پاکستان سے ریٹائر ہونے کے بعد ابا مرحوم کا بیشتر وقت تحقیق، تصنیف اور تالیف کے لئے وقف تھا۔ یہ میری خوش قسمتی تھی کہ ابا مرحوم کی زندگی کے آخری چند سال یہاں انگلستان میں میرے پاس گذرے اور مجھے تھوڑی بہت خدمت کا موقع ملا۔ اس دوران پیرانہ سالی کے باوجود ان کی انتھک محنت، پرخلوص علمی جستجو، صحیح بات تک پہنچنے کے لئے مسلسل کوشش اور دلجمعی کے ساتھ تصنیف و تالیف میں انکے انہماک نے مجھے بہت متاثر کیا۔ ان کی زندگی کا نظم و ضبط اور باقاعدگی بھی میرے لئے مشعلِ راہ ہے۔

ابا مرحوم کا یہ تحقیقی کام جو "تقویم عہد نبوی ﷺ" پر مشتمل ہے ابا مرحوم کی تمناؤں کا ماحصل اور زندگی بھر کے مطالعہ تحقیق، اور تقویمی تکنیکی مہارت کا آئینہ دار ہے۔ ابا مرحوم کی اس اہم ترین تالیف کو علمی دنیا اور صاحبانِ نظر کے سامنے پیش کرتے ہوئے مجھے فخر محسوس ہورہا ہے۔

یہاں یہ اعتراف بھی میری لئے باعث مسرت ہے کہ جناب پروفیسر زاہد محمود صاحب اور جناب پروفیسر ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی صاحب کی وساطت سے اگر مجھے پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد صاحب (سابق رئیس کلیہ فنون وتجارت و صدر شعبہ اسلامی تاریخ، جامعہ کراچی) کا علمی قلمی تعاون حاصل نہ ہوتا تو شاید ابا مرحوم کی یہ آخری اہم کتاب منظر عام پر آنے میں مزید تاخیر کا شکار ہوجاتی۔ مجھے یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی کہ ڈاکٹر نثار احمد صاحب نہ صرف یہ کہ عہد رسالت ﷺ سے خصوصی شغف اور دلچسپی رکھتے ہیں بلکہ اس حوالہ سے انہیں عالمانہ تحریر و تحقیق کا وسیع تجربہ ہے اور اردو انگریزی دونوں زبانوں میں پچھلے ۴۰/۴۵ سال سے مسلسل مضامین، کتابیں اور مقالات لکھ رہے ہیں۔ یہ امر میرے لئے مزید جذباتیت کا باعث ہے کہ ابا مرحوم کو بھی ڈاکٹر صاحب پر اعتماد تھا چنانچہ حیدرآباد سندھ پاکستان میں دورانِ سکونت ابا مرحوم کو ان سے شرف ملاقات حاصل رہا اور ایک زمانہ میں تقویمی موضوعات پر آنجناب سے خط و کتابت بھی ہوتی رہی۔ اس لحاظ سے ابا مرحوم کے مسودہ کتاب پر تصحیح و نظر ثانی کے لئے ڈاکٹر صاحب موصوف سے زیادہ کوئی اور شخصیت موزوں نہ ہوسکتی تھی۔ اس کرم فرمائی پر میں ڈاکٹر نثار احمد صاحب کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں یہاں پروفیسر ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے نہ صرف یہ کہ اس کتاب کے ابتدائی مسودہ کی زبان و بیان کے سلسلہ میں مفید مشوروں سے نوازا بلکہ آں جناب نے ہی بہ کمال مہربانی پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد صاحب سے رجوع کرنے کا نہایت صائب مشورہ عنایت فرمایا۔ یہ سخت ناسپاسی ہوگی اگر میں آخر میں اپنی عزیزہ مسز عمرانہ احمد صاحبہ کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے پاکستان میں میری عدم موجودگی کے باوجود کتاب کی طباعت و اشاعت کے جملہ انتظامات کی نگرانی کی اور انتہائی مصروفیات میں سے وقت نکالا تاکہ یہ کتاب دن کی روشنی دیکھ سکے۔

ڈاکٹر نور محمد یوسف زئی

انگلستان

عرضِ مولّف

قمری ہجری تقویم مسلمانوں کی قومی اور مذہبی تقویم ہے۔ اس کا دارومدار چاند کی گردش پر ہے۔ اس کی ابتداء اسی دن ہوگئی تھی جس دن سورج، چانداور زمین کی پیدائش ہوئی تھی کہ ۳۰ یا ۲۹ دن کا مہینہ ۱۲ مہینوں کا سال۔ ارشاد خداوندی ہے کہ:

''اللہ کی ہی ذات وہ ہے جس نے سورج کو روشنی اور چاند کو نور بنایا ہے اور اس کے لئے منزلیں مقرر کی ہیں تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب جان سکو (سورۂ یونس ۵) اور فرمایا گیا:

''اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ ہے جو اللہ کی کتاب میں مقرر ہے (سورۂ توبہ ۳۷)

سال کی ابتداء کہاں سے کی جائے اس کا فیصلہ ہر زمانے میں قومیں اپنے اپنے مزاج اور ذوق کے مطابق مختلف اہم واقعات سے کرتی ہیں مثلاً حضرت آدم علیہ السلام سے، حضرت نوح علیہ السلام سے، حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بکرماجیت سے، بنائے کعبہ سے واقعہ فیل سے، نقطہ اعتدال خریفی سے یا نقطہ اعتدال ربیعی سے۔ وغیرہ وغیرہ۔

مسلمانوں نے اپنی مذہبی تقویم کا آغاز اپنے نبی ورسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے ایک اہم واقعہ ہجرت (یعنی مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی جانب ہجرت) سے کیا۔ اصل واقعہ ہجرت تو ربیع الاوّل کے مہینہ میں ہوا تھا لیکن ربیع الاوّل اسلامی سال کا پہلا مہینہ نہیں چنانچہ ربیع الاوّل کی کسی تاریخ سے سال کی ابتداء کرنا مناسب نہ تھا۔ اس لئے واقعہ ہجرت سے دو ماہ قبل یکم محرم سے جو عرب میں ہمیشہ سے سال کا پہلا مہینہ شمار ہوتا رہا ہے، ہجری سال کا آغاز کیا گیا۔ قمری ہجری تقویم کا پہلا دن جمعہ ۱۶ جولائی ۶۲۲ء تھا۔ اس تقویم کے دستور العمل کا فیصلہ حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں ۲۰ جمادی الثانی ۱۷ھ کو ہوا۔ اس تقویم کے آغاز سے ماضی کی طرف تاریخوں پر قبل ہجری (یا ق ھ) لکھا جاتا ہے۔ اور مستقبل کی طرف (ھ) یہ گویا اس تقویم کا امتیازی نشان ہے۔ اس تقویم کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کے مہینے عیسوی مہینوں کی طرح ہمیشہ ایک ہی موسم میں نہیں آتے بلکہ ہر سال دس گیارہ دن پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ تین سال میں ایک مہینہ اور ہر ۳۳ یا ۳۴ سال میں ایک سال پیچھے ہٹ کر وہی موسم آجاتا ہے جو ۳۳ یا ۳۴ سال پہلے تھا۔ قمری ۶۷ سال کے ۲۳۷۴۳ دن اور شمسی ۶۵ سال کے ۲۳۷۴۱ دن ہوتے ہیں۔ دونوں مدتوں کے ساتھ کچھ گھنٹے بھی ہیں۔ اس تقویم کے ایک سال میں ۳۵۴ دن سے کم اور ۳۵۵ دن سے زیادہ نہیں ہوتے لیکن اس امر کا کوئی معقول اور مستند انتظام نہ ہوسکا کہ ہم کسی وقت یہ معلوم کرسکیں کہ گذشتہ سال میں چاند کی فلاں تاریخ کو کیا دن تھا یا اگلے سال چاند کی فلاں تاریخ کس دن پڑے گی یا اس مہینہ کا چاند ہمارے ملک میں کس دن دکھلائی دیگا۔

کسی تقویم کا معاملہ کافی پیچیدہ ہے۔ اس زمانے میں نہ چھاپہ خانہ تھا نہ ہی کیلنڈر نہ جنتریوں کا کوئی رواج تھا۔ عام طور پر دن تاریخ لکھنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی تھی۔ جس طرح ان کی سادہ زندگی کے اوقات گھڑی کے بغیر بھی بہ آسانی گزر جاتے تھے۔ اسی طرح یہ کونسا سال مہینہ تاریخ یا دن ہے کسی فکر کے بغیر گذر جاتے تھے۔ الا ماشاء اللہ کوئی قبیلہ یا کچھ خاص لوگ حج اور دوسرے تہواروں کے لئے سال اور مہینے یاد رکھ لیتے تھے اور

اس طرح تقویم کا تسلسل قائم اور معلوم رہا تقویم سے ان کے تعلق اور عام دلچسپی کا اندازہ اس سے بھی کیا جاسکتا ہے کہ ہجرت سے قبل تقویم کا روزمرہ استعمال بالکل نہیں ملتا، البتہ حیرت کی بات ہے کہ ہجرت کے فوراً بعد اکثر و بیشتر واقعات کے ساتھ تاریخ کا حوالہ ضرور ملتا ہے۔

لیکن یہاں پر ایک دوسری الجھن پیش آتی ہے وہ یہ کہ بہت سے واقعات کی تاریخوں کا احادیث مبارکہ میں ہفتہ کا جو دن بتایا گیا ہے وہ ازروئے حساب صحیح ملتا ہے۔ اور بہت سے دوسرے واقعات کی تاریخوں میں ہفتہ کا جو دن بتایا گیا ہے وہ ازروئے حساب صحیح نہیں ملتا۔ کوئی واقعہ جو روایت کے مطابق موسم گرما کا ہے وہ حساب کے مطابق موسم سرما کا معلوم ہوتا ہے اور کوئی واقعہ جو روایت کے مطابق موسم سرما کا ہے وہ حساب کے مطابق گرما کا ثابت ہوتا ہے اور یہ گمان ہونے لگتا ہے کہ یہ جملہ صراحتیں محض جعلی اور قدیم واعظین اسلام کی محض وقتی ذہانت کی پیداوار تھیں جن کے وہم گمان میں بھی نہ تھا کہ ان کی جانچ پڑتال بھی کسی طرح ممکن ہے اس کی ایک ہی وجہ ہوسکتی ہے کہ عہد رسالت میں کم از کم دو یا تین تقویمیں استعمال ہو رہی تھیں تینوں کی ترتیب مختلف تھی کسی پر بھی امتیازی نشان کچھ نہ تھا ایک تو یہی قمری ہجری تقویم تھی جو آج بھی ہجری تقویم کے نام سے مستعمل ہے۔ اس زمانے کے لحاظ سے اس کو مدنی تقویم بھی کہہ سکتے ہیں۔

دوسری مکی قمری شمسی خریفی تقویم تھی جو مکہ میں عرصہ دراز سے استعمال ہوتی چلی آرہی تھی۔ یہ اس لحاظ سے تو قمری تھی کہ اس کا بھی ہر مہینہ نئے چاند سے شروع ہوتا تھا اس کے مہینوں اور دنوں کے نام بھی یہی تھے جو مدنی تقویم کے تھے لیکن اس مکی تقویم کو موسم کے تحت چلایا جاتا تھا جس طرح اہل ہند کی تقاویم بکرمی، فصلی، بنگلہ وغیرہ میں ہر تیسرے کبھی دوسرے سال ایک مہینہ کا اضافہ کیا جاتا ہے جسے وہ لوند کا مہینہ کہتے ہیں یا جس طرح موجودہ عیسوی کیلنڈر ہے کہ جس کو موسم کے ہم راہ اور ہم قدم رکھنے کے لئے ہی ہر چوتھے سال فروری میں ایک دن کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

اس تقویم کے سال کا آغاز نقطہ اعتدال خریفی سے ہوتا تھا اس طرح کہ ۲۲ ستمبر سے متصل نیا چاند ہمیشہ یکم محرم کا مانا جاتا تھا اس لئے ہم نے اس کو دوسری تقاویم سے ممیز کرنے کے لئے اس کے ساتھ لفظ "خریفی" لکھا ہے (مکی قمری شمسی خریفی)

ایک ایسی ہی تیسری تقویم کا راقم الحروف نے پتہ چلایا ہے جس کا سال نقطہ اعتدال ربیعی سے شروع ہوتا تھا اور جس کا نقطہ آغاز ۲۱ مارچ سے متصل نیا چاند یکم محرم کا مانا جاتا تھا مکی قمری شمسی خریفی سے تمیز کرنے کیلئے میں نے اس کے ساتھ لفظ "ربیعی" لکھا ہے۔ (مکی قمری شمسی ربیعی)

اس مقصد کے لئے یعنی اپنی قمری تقویم کے حساب کو موسمی قدرتی شمسی تقویم کے حساب سے متصل رکھنے کے لئے عربوں کو ہر تیسرے کبھی دوسرے سال میں ایک مہینہ بڑھانا پڑتا تھا اور اس طرح ان کے مکی خریفی سال کا پہلا مہینہ محرم ہمیشہ ستمبر اکتوبر کے درمیان اور ربیعی سال کا پہلا مہینہ محرم ہمیشہ مارچ اپریل کے درمیان آیا کرتا تھا علاوہ ازیں جاہلیت کے زمانے میں ایک دستور یہ بھی تھا کہ خدا کے حرام کئے ہوئے امن والے مہینوں میں جب چاہتے کسی حرام مہینے کو حلال کر لیتے تھے اور اس کی جگہ بعد کے مہینے کو حرام کر لیتے تھے۔

یہ دونوں عمل اسلام کے مزاج کے خلاف تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے ۹ ھ میں تقویم میں اس قسم کی ردوبدل کی ممانعت کردی اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی تقویم کو سرے سے منسوخ کردیا۔ تقویم تو منسوخ ہوگئی لیکن بعد میں تابعین کے زمانے میں جب احادیث مدون ہوئیں تو جن روایات کے ساتھ تاریخیں بھی تھیں وہ چونکہ مکی اور مدنی ہر دو قسم کی تقویموں پر مبنی تھیں اور ان کے ساتھ کوئی ایسا امتیازی نشان بھی نہ تھا

جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ کونسی تاریخ کس تقویم کے مطابق محفوظ کی گئی ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ آپس میں خلط ملط ہو گئیں اور آج تک یہ خلجان چلا آ رہا ہے۔

بہر حال شمسی سال کے مقابلے میں قمری سال کی کمی کو پورا کرنے کے لئے قمری سال میں اضافہ کیا جاتا تھا جس سال محسوس ہوتا کہ قمری سال نقطہء اعتدال خریفی سے پندرہ بیس دن پیچھے ہو گیا ہے اس قمری سال میں ایک ماہ کا اضافہ کر کے اس سال کو ۱۲ کے بجائے ۱۳ مہینے کا کر لیتے تھے اس زائد مہینہ کو وہ نسی (بمعنی لوند) کہتے تھے اس طرح مکہ کی مکی تقویم تو موسم کے ساتھ ساتھ چلتی تھی اس طرح کہ حج ایک مرتبہ جس موسم میں آیا تھا ہمیشہ اس موسم میں آتا تھا۔ اور مدنی قمری تقویم کے ۱۲ مہینے اپنی ترتیب کے مطابق چلتے تھے جس طرح آجکل ہیں۔ چونکہ مکی ۳۲ یا ۳۳ سال مدنی ۳۳ یا ۳۴ سال کے برابر ہوتے تھے چنانچہ اس دوران ایک مرتبہ تین سال کے لئے دونوں تقویموں کے ہم نام مہینے ہم زمانہ بھی ہو جاتے تھے (جس طرح ۵۵۔۵۶۔۵۷ قبل ہجری اور ۲۲۔۲۳۔۲۴ قبل ہجری اور ۱۱۔۱۲۔۱۳ ہجری میں ہوئے ہیں۔) بعدہٗ نسی کا ہر مہینہ مکی سال کو مدنی سال سے بقدر ایک ماہ پیچھے کر دیتا تھا جیسا کہ اس کتاب کے آئندہ صفحات پر غور کرنے سے معلوم ہوگا۔

اس ہیر پھیر سے عربوں کا ایک خاص مقصد یہ تھا کہ زمانہ حج ہمیشہ ایسے موسم میں آیا کرے کہ اس وقت ہدایا اور زرعی و مویشی پیداواروں کے اولین حاصل ٹھیک وقت پر مکہ پہونچ سکیں متولیوں کے لئے تحفے تحائف آسانی سے لائے جا سکیں اور زائرین مکہ کے لئے بھی خوراک کی کمی نہ ہو تجارتی فائدے بھی حاصل ہو جائیں۔ امام رازی نے اپنی تفسیر کبیر صفحہ ۴۳۴۔۴۳۵ میں سورۂ توبہ کی آیات ۳۶، ۳۷ کی تشریح کرتے ہوئے جو اقوال لکھے ہیں ان میں سب سے زیادہ قریب الفہم یہ ہیں۔

> ''لوگوں نے یہ بات جان لی کہ وہ اپنا حساب قمری سنہ پر مرتب کریں گے تو حج کبھی گرمی میں جا پڑے گا اور کبھی سردی میں اور حاجیوں کے لئے سفر باعث مشقت تھے اور وہ ان سے کاروبار اور تجارت میں اس لئے فائدہ نہیں اٹھا سکتے تھے کہ دوسرے شہروں کے لوگ ایسے ہی اوقات میں آ سکتے تھے جو ان کے لائق اور موافق ہوں اس لئے انہوں نے یہ سمجھ کر کہ معاملہ کی بنیاد قمری سنہ پر رکھی جائے تو یہ دنیوی مصالح کے خلاف ہوگا اس کو ترک کر دیا اور سال شمسی کا اعتبار کرنے لگے چونکہ شمسی سال قمری سال سے ایک معین مدت کے بقدر زائد ہوتا ہے اس بنا پر لوند کی ضرورت پڑی اور اس لوند کے باعث انہیں دو باتیں حاصل ہوئیں۔''
>
> (۱) یہ کہ انہوں نے بعض سالوں کی اس بڑھوتری کو کھپانے کے لئے ۱۳ ماہ کا قرار دیا۔
>
> (۲) یہ کہ حج بعض قمری مہینوں سے دوسرے مہینوں میں منتقل ہوتا رہتا۔[1]

اس تشریح سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ ان آیات کے نزول کے وقت تک یعنی ۹ھ تک اہل مکہ میں یہ طریقہ رائج رہا کہ حسب ضرورت سال میں ایک ماہ کا اضافہ کر کے اپنی قمری تقویم کو شمسی حساب کے مطابق کر لیا کرتے تھے جس سال میں یہ اضافہ ہوتا وہ سال بجائے ۱۲ کے

۱۳ مہینہ کا شمار کیا جاتا جس کی ممانعت کا اعلان قرآن مجید نے ان الفاظ میں ضروری سمجھا۔

''بلا شبہ اللہ کے نزدیک کتاب اللہ میں مہینوں کی تعداد صرف ۱۲ ہے''[۱] اور یہ کہ ''بلا شبہ نسی کا مہینہ کفر میں زیادتی کا موجب ہے اس سے کافر گمراہ ہوتے ہیں جو کسی سال اسکو حلال کر دیتے ہیں اور کسی سال حرام'' (توبہ ۳۷) جس سے صاف طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ نسی کا یہ طریقہ کفر و شرک میں زیادتی کا موجب تھا اس لئے کہ صریحاً بلکہ ڈھٹائی کے ساتھ حکم عدولی تھی جو کفر کے برابر ہے۔

مشہور مورخ البیرونی نے بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ ''عربوں کا یہ طریقہ بعض ایسے حسابات فلکی پر مبنی تھا کہ جب ان کا قمری سال شمسی سال سے بقدر ایک ماہ چھوٹے ہونے کو آتا تو اس میں ایک ماہ کا اضافہ کر کے شمسی سال کے برابر بنالیا جاتا''۔

''اور زمانہ جاہلیت میں عربوں کا طریقہ کار یہ تھا کہ وہ اس بات پر نظر رکھتے تھے کہ ان کے سال میں اور شمسی سال میں کیا فرق ہے؟ جواز روئے حساب دس دن ۲۱ گھڑی اور ۵ پل کا ہوتا اور جب وہ فرق ایک ماہ کے بقدر ہو جاتا تو وہ اپنے سنہ میں ایک ماہ کا اضافہ کر دیتے لیکن یہ عمل اس مفروضہ پر کرتے تھے کہ فرق صرف دس دن اور ۲۰ گھڑی کا ہے اس کام کی انجام دہی قبیلہ کنانہ کے نساۃ جن کو قلامس کہا جاتا تھا کرتے تھے''[۳]

مکہ کے مسلمانوں کی جب ہجرت کر کے مدینہ میں آمد ہوئی تو وہ اپنی تقویم بھی ساتھ لائے چنانچہ مدینہ میں مکی اور مدنی دونوں تقویمیں بیک وقت استعمال ہونے لگیں۔ جو لوگ مکی تقویم استعمال کر رہے تھے وہ کوئی واقعہ ضبط تحریر میں لاتے تو مکی تقویم کے مطابق تاریخ لکھتے اور جو لوگ مدنی تقویم استعمال کر رہے تھے وہ کوئی واقعہ ضبط تحریر میں لاتے تو مدنی تقویم کے مطابق تاریخ لکھتے۔ بعد میں یہ یادداشتیں جب اگلے لوگوں کو پہونچیں تو خلط ملط ہو گئیں اب اس بات کی کوئی تشریح نہیں ملتی کہ کونسی روایت کی تاریخ کس تقویم کے مطابق ہے بعد میں جس مورخ کو جس روایت کے ساتھ جو تاریخ لکھی ہوئی ملی وہ اس کو دیانت داری کے ساتھ جوں کا توں آگے بڑھاتا گیا ۱۰ھ میں پھر حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحکم خدا کی شمسی قمری تقویم کو منسوخ کر دیا لیکن جو تاریخ جہاں لکھی جا چکی تھی وہ وہیں لکھی رہی اور اسی طرح آگے چلتی رہی۔ چونکہ تقویم کے تینوں سلسلوں پر کوئی امتیازی نشان نہ تھا لہذا تینوں تقویموں کے مطابق محفوظ کی ہوئی تاریخیں آپس میں کچھ اس طرح خلط ملط ہو گئیں کہ بعد کے زمانوں میں ان کو الگ کرنا مشکل ہو گیا۔

لیکن یہ بات اتنی معمولی بھی نہیں کہ یوں ہی چھوڑ دی جائے اس لئے کہ ایک معترض بعض اوقات جب یہ دیکھتا ہے کہ نہ تاریخ کے ساتھ ہفتہ کا دن مطابقت کرتا ہے نہ مہینہ کے ساتھ موسم تو وہ حیران رہ جاتا ہے اور اصل روایت کی صحت میں بھی شک پیدا ہو جاتا ہے۔ دنیا میں ہر چیز پر تحقیق ہو رہی ہے ہم سے جو کچھ ہو سکے ہم کر دیں بعد میں ہو سکتا ہے کوئی اور اہل علم اپنی بہتر تحقیق سامنے لائے۔

اس سلسلہ میں یہاں مولوی اسحاق النبی علوی صاحب رام پور بھارت کے ایک گوشہ نشین عالم و محقق، دانشور و مورخ، انتہائی قابل ذکر ہیں جنہوں نے اسلامی تاریخ میں غالباً پہلی مرتبہ اس طرف توجہ کی اور مکی تقویم کو بازیافت کرنے کی بھرپور کوشش کی ویسے تو ان کے تقویمی نظریات معلوم

نمبر۱۔ دیکھئے مقالہ مولوی اسحاق النبی علوی (سیرت نبوی توقیت کی روشنی میں)۔ نقوش رسول نمبر (۱۹۸۲ء) ج ۲ صفحہ ۸۵ [۲] ایضاً

نمبر۳۔ ایضاً صفحہ ۸۵، ۸۶ بحوالہ آثار الباقیہ

کرنے کے لئے ان کا پورا مقالہ پڑھنے کی ضرورت ہے جو ۱۹۶۴ء میں پہلے ماہوار رسالہ برہان دہلی میں قسط وار چھپا تھا بعد میں طفیل صاحب کے نقوش لاہور کے رسول نمبر میں جلد دوم کا حصہ بنا زیر نظر کتاب کی بنیاد دراصل اسی مقالہ پر ہے یہاں اس مقالے کا جو تقریباً دو سو صفحات پر آیا ہے اختصار بھی مشکل ہے لیکن دو امور ایسے ہیں جن کا ذکر ضروری ہے ایک یہ کہ وہ یہ بات نہیں مانتے کہ خطبہ حجۃ الوداع میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ مبارک "اِن الزمان قد استدار کھیتہ یوم خلق اللہ السمٰوت والارض" یعنی زمانہ گھوم پھر کر اپنی اسی ہیئت پر آ گیا ہے جس روز اللہ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا تھا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ ۱۱ھ میں مکی اور مدنی دونوں تقویمیں اپنا ۳۳ سالہ دور پورا کرتے ہوئے متوازی ہوگئی تھیں اس طرح کہ ۱۱ھ میں مکی تقویم کے مہینے محرم تا ذی الحجہ وہی تھے جو مدنی قمری ہجری تقویم کے تھے اسلئے کہ ان کے حساب سے ۱۰ھ یا ۱۱ھ میں ایسا ہونا ممکن نہیں تھا۔۱

اس سلسلہ میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ مکی تقویم بھی دراصل دو ثابت ہوتی ہیں۔ اگر مکی خریفی تقویم کے مطابق دیکھا جائے تو علوی صاحب کی بات صحیح ہے کہ مکی قمری شمسی خریفی اور قمری ہجری تقادیم ۱۱ھ میں متوازی نہیں ہوئی تھیں بلکہ چھ مہینے کے فرق سے چل رہی تھیں۔ لیکن اگر قمری ہجری کے مقابلہ پر اس دریافت شدہ دوسری تقویم کو رکھا جائے جس کو میں نے اس کتاب میں مکی ربیعی کہا ہے تو میرے حساب سے یکم محرم ۱۱ھ سے یہ دونوں (مکی ربیعی اور قمری ہجری) تقادیم ایک ہوگئی تھیں ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۹۲،۹۳،۹۴

مشہور بات یہ کہ ۱۰ھ میں یہ دونوں تقویمیں ایک ہوئی تھیں ہوسکتا ہے کہ عملی طور پر ایسا ہی ہوا ہو۔ اگر چہ ازروئے حساب ۱۱ھ میں ایسا ہونا چاہیئے۔ بہر حال یہ دونوں تقادیم (مکی ربیعی اور قمری ہجری) ۱۰ھ میں ایک ہوئی ہوں یا ۱۱ھ میں حجۃ الوداع قمری ہجری کیمطابق ۹ ذی الحجہ ۱۰ھ کو صحیح تاریخوں پر ادا ہوا تھا اسپر پوری امت کا اتفاق ہے۔

دوسرے یہ کہ علوی صاحب کی تحقیق کے مطابق قبل اسلام کے عربوں کے مقاصد اور دنیاوی ضروریات کے لحاظ سے انکی تقویم کا بنیادی اصول یہ تھا کہ ان کا سال ہمیشہ اعتدال خریفی سے شروع ہوتا تھا اس مقام یعنی نقطہء اعتدال خریفی کے لئے وہ ۲۲ ستمبر کی تاریخ طے کرتے ہیں یعنی اس عیسوی تاریخ سے متصل جو چاند دکھلائی دیتا تھا وہ ہمیشہ یکم محرم کا ہوتا تھا۔ اگر گذشتہ محرم سے اس تاریخ تک ۱۲ مہینے گذرے ہیں تو وہ سال ۱۲ مہینے کا ہوا اور اگر ۱۳ مہینے گذرے ہیں تو وہ سال آپ سے آپ ہی ۱۳ مہینے کا ہوگیا۔ اور یہ تیرھواں مہینہ نسی کا سمجھا جاتا تھا۔ تقریباً اسی طرح سے یہودیوں کی ایک تقویم کا سال بھی شروع ہوا کرتا تھا مکی خریفی تقویم کے سال کا پہلا مہینہ محرم اور یہودی سال کا پہلا مہینہ تشرین ہمیشہ ستمبر، اکتوبر کے درمیان آیا کرتے تھے۔ ۱۰ تشرین کو یہودی صوم عاشورہ رکھتے تھے اور اسی روز ۱۰ محرم کو (یا ایک دن کے فرق سے) مسلمان بھی صوم عاشورہ رکھتے تھے۔ (مکی خریفی قمری شمسی تقویم کے مطابق)

ان دونوں امور پر علوی صاحب نے اپنے مقالے میں بہت تفصیل سے بحث کی ہے بڑے معقول دلائل دیئے ہیں ابتدائی مورخین اسلام کی کتب اور احادیث مبارکہ کے بے شمار حوالے دیئے ہیں اور کہا ہے کہ ان احادیث پر مجموعی نظر ڈالنے سے یہ بات صاف ہوجاتی ہے کہ عہد رسالت

نمبر ا۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو (علوی صاحب کا مقالہ) صفحہ ۱۲۳

میں کی خریفی تقویم کا ماہ محرم عہد رسالت میں اگر ہمیشہ نہیں تو اکثر و بیشتر یہودی ماہ تشری کے مطابق رہتا تھا جو بغیر اس صورت کے ممکن نہیں کہ ہم اصول کبیسہ کے تحت عربی تقویم (مکی خریفی) کی ابتداء ہمیشہ اعتدال خریفی سے کریں۔[1]

اور مذکورہ بالا اصول کے مطابق اسحاق النبی صاحب نے ۱ھ سے ۱۱ھ تک کی تقویم ترتیب دی ہے۔[2] اس عرصہ میں ان کو چار مرتبہ نسی لگانے کی ضرورت پڑی اور اس طرح جو تقویم بازیافت ہوئی اس کے مطابق واقعات عہد نبوی کی بہت سی ایسی تاریخیں جو بظاہر غلط نظر آ رہی تھیں صحیح معلوم ہونے لگیں مثلاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے وقت مقام قبا میں داخلہ ۱۲ ربیع الاوّل کا واقعہ ہے اس تاریخ کا دن روایت میں پیر ہے لیکن از روئے حساب یہ بات غلط ہے مدنی ہجرت تقویم کے مطابق اس ۱۲ ربیع الاوّل کو یقیناً جمعہ کا دن تھا لیکن اسحاق النبی صاحب کی دریافت شدہ مکی تقویم سے اس تاریخ کو ٹھیک وہی دن ملتا ہے جو روایت میں بیان ہوا ہے یعنی پیر۔[3] چونکہ مدنی (موجودہ ہجری) تقویم کے مطابق مذکورہ تاریخ کو پیر کا دن نہیں آتا ہے بلکہ اس زیر نظر مکی تقویم کے مطابق مذکورہ تاریخ کو روایت میں بیان کردہ پیر کا دن آ جاتا ہے جو کہ از روئے حساب صحیح ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ تاریخ مکی تقویم کے مطابق ریکارڈ کی گئی تھی۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۹۳

اتنی بات ہر شخص جانتا ہے یا سمجھ سکتا ہے کہ ایک دو یا چار چھ تاریخیں اس طرح صحیح ثابت ہو جاویں تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ اتفاقی بات ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بیسیوں ایسی تاریخیں جو مدنی قمری ہجری تقویم کیمطابق تو غلط ثابت ہو رہی تھیں لیکن اس نو دریافت مکی تقویم کے مطابق صحیح ثابت ہو جاتی ہیں۔ یہ اتفاقی بات نہیں ہے میں نہیں خیال کرتا کہ کوئی ریاضی داں مکی تقویم سے دریافت شدہ تمام نتائج کو اتفاقیہ کہہ سکتا ہے۔ غیر جانب داری کے ساتھ غور کیا جائے تو دل خود گواہی دیتا ہے کہ زمانہ جاہلیت کے عربوں کے پاس جو تقویم تھی وہ یا تو بالکل وہی تھی جو اس کتاب میں بتائی جا رہی ہے یا اس سے بالکل ملتی جلتی تھی۔ اوپر ہم نے واقعہ ہجرت کی ایک تاریخ دی ہے آئندہ صفحات میں اور بہت سی مثالیں دی جائیں گی۔

یہ تقاویم مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ۹ یا ۱۰ ہجری تک پہلو بہ پہلو چلتی رہیں فتح مکہ کے بعد ۹ھ کی ابتداء میں جب پیغمبر اسلام نے اس تقویم کی تنسیخ کا اعلان فرما دیا تو کچھ عرصہ بعد مسلمانوں کا اپنا مذہبی سنہ بجائے مکی کے مدنی سنہ بن گیا جو آج تک اس طرح ہجری سنہ کے نام سے چلا آ رہا ہے۔ اسحاق النبی صاحب کے نظریہ کا خلاصہ ان کے اپنے الفاظ میں یہ ہے۔

> "ظہور اسلام کے وقت جزیرہ نمائے عرب میں کئی تقویمیں رائج تھیں جن میں ایک مکہ میں رائج تھی یہ تقویم قمری شمسی (Luni Solar) تھی اور ایک خاص نقطہ فصلی سے شروع ہو کر اسی نقطہ پر ختم ہوتی تھی اس تقویم میں وقتاً فوقتاً کبیسہ کے مہینے اضافہ ہوتے رہتے تھے اس کے مقابلے میں مدینہ میں ایک دوسری تقویم رائج تھی جو خالص قمری تھی مگر دونوں تقویموں کے مہینے ہم نام تھے مہاجرین مکہ جب مدینہ پہونچے

نمبر۱۔ تفصیل کیلئے دیکھئے۔ نقوش رسول نمبر جلد۲ صفحہ ۱۰۶

نمبر۲۔ ایضاً صفحہ ۱۱۲ تا صفحہ ۱۱۴

نمبر۳۔ ایضاً صفحہ ۱۱۵

تو اپنے ساتھ مکی تقویم بھی لے گئے اس طرح ہجرت کے بعد مدینہ میں بیک وقت دو تقویمیں رائج ہو گئیں جس کے نتیجے میں بعض لوگوں نے مدنی تقویم کے بموجب یادداشتیں مرتب کیں بعض نے مکی کیلنڈر کے مطابق اس بناء پر ابتدائی مدونین سیرۃ یا ان کے رواۃ کو جو تاریخیں مل سکیں وہ دونوں تقویموں پر مبنی تھیں۔ ان میں سے مکی تقویم اس وقت ناپید ہے جس کی وجہ سے واقعات سیرۃ کی مکمل توقیتی تشریح ممکن نہیں اگر مکی تقویم کی بازیافت کر لی جائے تو ہر قسم کی توقیتی الجھنیں ختم ہو جائیں گی۔ [1]"

بہر حال اپنے نظریہ کے تحت اسحاق النبی علوی صاحب نے ۱ھ تا ۱۱ھ مکی تقویم کی بازیافت کی ہے۔ جبکہ راقم الحروف نے انکا تتبع کرتے ہوئے ان کے طے کردہ اصولوں کے مطابق ماضی کو شامل کرتے ہوئے تقویم کو پورے عہد نبوی تک بڑھا دیا ہے تاکہ بوقت ضرورت عہد نبوی کی کسی بھی تاریخ کا دن اور اس کے متوازی تقاویم کی تاریخ اور دن معلوم کرنے کے لئے کسی حساب کتاب کی ضرورت نہ پڑے۔ البتہ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ زیر نظر تقویم میں کبیسہ کا مہینہ میں نے یا علوی صاحب نے جہاں جہاں لگایا ہے اس زمانے کے عربوں نے بھی لازمی طور پر ٹھیک وہیں لگایا تھا یا نہیں۔ کیونکہ تاریخ کی کتابیں اس سلسلہ میں ہماری کچھ مدد نہیں کرتیں۔ ہمارے پاس تو اعتدال خریفی کی ایک متعین تاریخ ۲۲ ستمبر موجود ہے جو مکی سال کے آغاز اور کبیسہ کی تعین میں حساب کے مطابق پوری مدد کرتی ہے۔ اس مقصد کے لئے یعنی سالوں کو کبیسہ قرار دینے کا کام ہمیشہ مخصوص ہاتھوں میں رہا عربوں میں ظہور اسلام تک یہ خاندان بنو کنانہ میں موروثی چلا آ رہا تھا جس عہدیدار کے سپرد یہ خدمت ہوتی تھی اسے قلمس یا ناسی کہا جاتا تھا یہی وہ نساۃ تھے جن کے ہاتھوں میں اہل مکہ کا پورا نظام تقویم تھا اور یہی قمری ایام کو شمسی ایام میں تبدیل کر کے ایام حج اور زیارت بیت اللہ کا زمانہ متعین کرتے تھے اور یقیناً ان کی کوشش غیر شعوری طور پر یہی ہوتی ہوگی کہ نقطہ اعتدال خریفی (۲۲ ستمبر) سے متصل نئے چاند کو یکم محرم کا مان کر نیا سال شروع کیا جائے ہم نے بھی ان کے اسی اصول کو پیش نظر رکھا ہے۔ علوی صاحب کی تحقیق ہے کہ کبھی کبھی اہل مکہ اپنے اس اصول کے خلاف بھی کر لیا کرتے تھے چنانچہ انہوں نے بھی اپنی دس سالہ تقویم میں دو مرتبہ اس اصول کے خلاف کیا ہے اور ہم نے اسے من وعن لے لیا ہے البتہ علوی صاحب کی تقویم سے ماضی کی طرف ۱ھ سے ۵۷ ق ھ تک میں نے مذکورہ بالا اصول کی پابندی کی ہے یہ بات سب کو تسلیم ہے کہ قمری تاریخوں کے حساب میں ایک دن کا فرق کوئی معنی نہیں رکھتا کیونکہ ایک روزہ اختلاف اکثر و بیشتر تاریخ کی کتابوں میں نظر آتا ہے جس کے مختلف اسباب ہو سکتے ہیں۔ کبھی یہ فرق اختلاف روایت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ کبھی تقویمی اصولوں کے اختلافات کے باعث، اور کبھی واقعہ نگار کو بھول یا غلط فہمی ہو جاتی ہے۔

مختصر یہ کہ موجودہ زمانہ میں تقویم پر متعدد علماء و محققین نے کام کیا ہے بعض حضرات نے باقاعدہ تقویمی ترتیب دی ہیں لیکن ایک ایسی مفصل اور جامع تقویم کی ضرورت پھر بھی باقی تھی جس میں پورے عہد نبوی کی ہر روز کی توقیتی تفصیل درج ہو یعنی اس زمانہ کی مرّوجہ تقویم اور موجودہ عیسوی کیلنڈر کے مطابق سال مہینہ، تاریخ اور دن لکھے مل جائیں اور ایکدوسرے کے متوازی بھی ہوں۔

نمبر ۱۔ ایضاً صفحہ ۲۷

اس خاکسار نے اس سے پہلے "مختصر دائمی قمری تقویم" کے نام سے ایک کتاب ترتیب دی تھی۔ جو ۱۹۸۳ء میں چھپ چکی ہے اس میں تقویم سے متعلق وہ تمام ضروری معلومات دی گئی ہیں جو عام قارئین کے لئے دلچسپی کا باعث ہو سکتی ہیں۔ میرے نزدیک وہ عام قاری یا طالب علم کے لئے تقویم کی پہلی کتاب کہی جا سکتی ہے۔ اس کے بعد ایک اور بڑی کتاب "دائمی قمری تقویم" ترتیب دی جو ۲۰۰۳ء میں چھپی اور جو درحقیقت دائمی قمری ہجری مدنی تقویم ہے۔ گویا اسے تقویم کی دوسری کتاب بھی کہہ سکتے ہیں۔ اب آخر میں "تقویم عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم" کی ترتیب و تدوین کی سعادت راقم الحروف کو یہ فیضان الٰہی حاصل ہو رہی ہے۔

اس تقویم سے طریق استفادہ کے لئے آئندہ تقویمی صفحات میں ہر صفحہ پر کلینڈر میں دائیں طرف پہلے کالم میں اوپر سے نیچے ا سے ۳۰ تک قمری مہینوں کی تاریخیں ہیں۔ جبکہ بالائی حصہ میں پہلی سطر میں قمری ہجری مہینے ہیں۔ بالترتیب محرم سے ذی الحج تک ۱۲ مہینے

دوسری سطر میں مکی (قمری شمسی خریفی) مہینے ہیں محرم سے ذی الحج تک نسی والے حساب کے مطابق

تیسری سطر میں مکی (قمری شمسی ربیعی) مہینے ہیں محرم سے ذی الحجہ تک نسی والے حساب کے مطابق

چوتھی سطر میں اور اس کے نیچے تمام خانوں میں عیسوی تاریخ مہینہ اور سنہ کا دن ہے جو کسی بھی کالم میں اوپر دیئے ہوئے مہینے میں اور دائیں طرف دی ہوئی تاریخ میں ہے۔

مثلاً

۱۰ ربیع الاول ۵۵ قبل ہجرت کو پیر ۱۳ مئی ۵۶۹ء ہے صفحہ ۳۸

۱۴ ربیع الاول ۵۳ مکی خریفی (قمری شمسی) (قبل ہجرت) کو پیر ۹ دسمبر ۵۶۹ء ہے صفحہ ۳۸

۱۰ ربیع الاول ۵۳ مکی ربیعی (قمری شمسی) (قبل ہجرت) کو پیر ۱۳ مئی ۵۶۹ء ہے صفحہ ۳۸

۱۰ رمضان ۵۴ مکی خریفی (قمری شمسی) (قبل ہجرت) کو پیر ۱۳ مئی ۵۶۹ء صفحہ ۳۸

یہ میری انتہائی خوش بختی ہے کہ مجھے عہد رسالت مآب صلی اللہ وسلم کے حوالہ سے حقیری خدمت کا موقع ملا۔ اس سلسلہ میں جناب پروفیسر محمد سلیم صاحب، ڈائریکٹر ریسرچ ادارہ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان لاہور بجا طور پر شکریہ کے مستحق ہیں جنکی تحریک اور فرمائش پر یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچا۔ اللہ انہیں جزائے خیر سے نوازے۔

مجھے امید ہے کہ صاحبانِ علم و تحقیق اور اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے دوسرے حضرات اس کتاب کو مفید اور کارآمد پائیں گے۔

علی محمد خاں

مقدمہ

از جناب پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد صاحب (سابق رئیس کلیہ فنون وتجارت و صدر شعبہ اسلامی تاریخ جامعہ کراچی)

(۱)

بنیادی انسانی ضروریات میں یہ بات بھی داخل ہے کہ انتخاب، اختیار اور ارادہ کی آزادی کے ساتھ، ہر کام کے کرنے، فرائض کے انجام دینے اور ذمہ داری پوری کرنے کے لئے آدمی کے پاس ایک "وقت" "معین" موجود ہو، ایک "مدت" اسے دی جائے، ایک "مہلت" اسے میسر ہو اور کچھ عرصہ "زمانہ" کی رعایت اسے حاصل ہو۔ (چنانچہ یہ مدت مہلت انسان کو اس دنیا میں بھیجے جاتے وقت اُس کے خالق و مالک اللہ کی طرف سے عطا کی گئی تھی) (نمبر۱)۔ جب ہی یہ جانچا اور پرکھا جاسکتا ہے کہ جس کام کا اسے (بحیثیت انسان) مکلّف بنایا گیا جو ذمہ داری اسے سونپی گئی، اور جو فریضہ اس کے سپرد کیا گیا، اس نے اسے کسطرح پورا کیا۔ وہ کامیاب رہا، یا ناکام؟ اس نے صلاحیتوں، وسائل کے استعمال میں، امور کی انجام دہی میں مستعدی دکھائی یا تساہلی اور غفلت برتی، "وقت" کا استعمال صحیح کیا یا غلط؟ مہلت وفرصت کو صحیح برتا یا اس کو ضائع کیا؟ گویا انسان کو اِس دُنیا میں جو "عرصہ حیات ملا ہے" جو مقررہ مدت اسے حاصل ہے، جو وقت اور مہلت عمل میسر ہے، دراصل وہی اس دُنیا کی "زندگی" ہے۔ اس زندگی کی قدر، اس زندگی کے بارے میں اُس کا رویہ، طرزِ عمل، اور سلوک جیسا بھی ہوگا، وہی درحقیقت اس کے "مستقبل" کی تعمیر اس کی "آئندہ زندگی" کے اچھے یا بُرے انجام کا تعین کرے گا۔ اس کی کامیابی یا ناکامی کا سبب بنے گا اور دنیا (میں مہلت عمل ختم ہونے) کے بعد آخرت (کے دارالجزا اور، دارالخلود) میں انسان کو فلاح وغفران یا ہلاکت وخسران سے دوچار کرے گا۔ (نمبر۲)۔ گویا اصل میزانِ حیات، وقت کی قدر اور اس کا صحیح استعمال ہے۔ (نمبر۳)۔ یعنی کشمکش زندگی میں کون بہتر سے بہتر عمل کی سوغات لیکر جائیگا اور سرخرو ٹھہرے گا۔ (نمبر۴)۔ کہ موجودہ "مہلت" (زندگی) میں یہی محور فکر وعمل ہونا چاہئے۔

(۲)

اس لئے انسان کو اپنی ذمہ دار حیثیت میں (بطور نائب وخلیفہ الٰہی (نمبر۵)۔ اس کرۂ ارضی پر زندگی گزارنے کے لئے (جسکا مقصد متعین ہے (نمبر۶)۔ اور اپنی دُنیا آپ پیدا کرنے کے لئے، نیز وقت کے صحیح استعمال کے لئے تین ۳ کام ضروری ہیں۔ اول یہ کہ آدمی کو خود "وقت" کی قدر و قیمت معلوم ہو اور زمانہ مدت اور میسر لمحات کا احساس وادراک ہو۔ دوئم ۲ یہ کہ اسے علم ہو (ماضی کے) گزرے ہوئے واقعات وحادثات کا، اچھے برے انجام سے دوچار ہونے والی جائذہ شخصیات کا، نیز عروج وزوال کے مراحل سے گزرنے والی قوموں کا اور سوم ۳ یہ کہ نمونہ عمل ہو اس کے سامنے کارہائے نمایاں انجام دینے والے ان افراد واقوام کا جو جریدہ عالم پر اپنا نقشِ دوام ثبت کر گئے یا جو اپنے کرتوتوں کے سبب نشانِ عبرت بن گئے ان سب کی حقیقت اور میزان وقت پر انکا وزن معلوم کرنے کے لئے "تاریخ" کی ضرورت ناگزیر ہے۔ مشہور

مسلمان فلسفی تاریخ علامہ سخاوی کے نزدیک گذرے ہوئے احوال وواقعات کو "وقت" اور زمانے کے تعلق سے جاننے کا نام اور مطالعہ "تاریخ" ہے۔ ے

تاریخ فرد اور قوم کو راہ صواب دکھاتی ہے۔ سبق سکھاتی ہے ماضی کی روشنی میں حال کو سمجھاتی ہے اور مستقبل کے لئے خبردار کرتی ہے۔ عبرت دلاتی ہے۔ تاریخ افراد واقوام کا حافظ ہے۔ تقویم "تاریخ" کو اعتبار بخشتی ہے۔ تقویم (نمبر ۸) دراصل ہندسوں میں لکھی جانے والی تاریخ ہے۔ تاریخ کا دامن جب زمانوں تک پھیل جاتا ہے۔ تو تقویم ان زمانوں کو "ایک جدول" میں سمیٹ لاتی ہے۔ زمانہ، قدیم وجدید کی شناخت، صدیوں کے مہ وسال، شب وروز کا شمار، تقویم سے ہوتا ہے۔ واقعات کے وقوع اور حادثات کے صدور کو یہی "تقویم" سنین کے احاطہ میں لاتی ہے۔

تقویم کی تشکیل مفروضات پر نہیں ہوتی اس کے لئے ٹھوس حقیقتیں، مادی واقعات، طبعی حسی شہادتیں، قابل تصدیق روایات پہلے سے رائج تقویمیں، ان کا تقابل وتوافق علم ہیئت وافلاک۔ نجوم وکواکب، نظام شمسی، نظام سیارگان سے واقفیت، ارصاد ملکی (Observatory) کی تصدیقات، اجرام فلکی کے خوردبینی ودوربینی مشاہدات کے نتائج اعداد کی جمع تفریق، ضرب تقسیم کے معاملات، اور پھر زیچ، چارٹ اور جدول کی تیاری کے مراحل اور دیگر متعلقات پر گرفت، تقویم سازی کے لوازمات میں داخل ہے۔

(۳)

تقویم اپنی ساخت اور نوعیت میں کئی طرح کی ہوسکتی ہے اور مجموعی طور پر اس کی افادیت کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔ اس سے بہت کچھ آشکارا ہوتا ہے، اس سے بہت کچھ معلوم کیا جاسکتا ہے، وقت کا تعین، سالوں مہینوں، دنوں کا شمار، لوند اور کبیسہ کا حساب، طلوع آفتاب ومہتاب کے مطالعہ اور مواقع، یکم تاریخ کی دریافت، شمس وقمر کی گردشیں کہکشائیں، نجوم وکواکب کے گچھے / جھرمٹ / مجموعے (دب اکبر، دب اصغر، بنات النعش، ذات الکرسی وغیرہ) ستاروں سیاروں کی چال اور بروج آسمانی میں ان کی سرزمین اور انسانی زندگی پر انکے اثرات وغیرہ۔

تقویم کئی بنیادوں پر استوار ہوسکتی ہے۔ اس کی نوعیت اور اقسام میں فرق وامتیاز اس بات پر ہوتا ہے کہ تقویم کا نقطۂ آغاز کہاں سے مانا جائے اور کیوں؟ دنیا کی مختلف اقوام وملل نے اپنے ہاں تقویم کی ابتداء کسی اہم ترین واقعہ یا حادثہ سے کی یا کسی بزرگ کی وفات یا کسی قومی ملی ہیرو کے کسی کارنامہ کے حوالہ سے شروع کی یا کسی دیوی، دیوتا کے نام پر یا کسی بڑے میلے ٹھیلے، نمائش، زلزلہ، سیلاب، جنگ یا کسی بادشاہ کی تخت نشینی کو آغاز قرار دیا مثلاً سورج کے طلوع غروب یا موسموں کے آنے جانے یا فصلوں کے تیار ہونے یا چاند کے عروج وزوال پیش نظر رکھ کر تقویم بنائی گئی، اس کی مثالیں بہت ہیں جسکا ذکر باعث طوالت ہوسکتا ہے، یہی صورت حال جزیرہ نمائے عرب میں تھی جہاں سے اسلام کا ظہور ہوا۔

(۴)

جیسا کہ ایک مصنف نے لکھا ہے کہ "مسعودی اور دوسرے علمائے تاریخ کا بیان ہے کہ ظہور اسلام سے بہت پہلے عربوں میں بڑی کثرت سے سنین رائج تھے اور ہر قبیلہ میں جدا جدا مشہور واقعات یا اکابر کے نام سے شمار ایام کئے جاتے تھے حتیٰ کہ غیر ملکی سنہ تک رائج ہوگئے تھے۔ مثلاً یہودی سنہ یا سنہ سکندری، (نمبر ۹)۔ یہودی مہینے اگرچہ قمری تھے لیکن ہر دوسرے تیسرے سال، مخصوص عہد یدار سال میں ایک ماہ کا اضافہ کر کے

قمری سال کو شمسی سال میں تبدیل کر دیا کرتے تھے (نمبر۱۰)۔ یہودیوں کی طرح عرب کے مسیحی قبائل میں بھی ایک علیحدہ سنہ رائج تھا جو خالص شمسی تھا اور طریقہ تقویم رومی تھا۔ اہل مکہ بنائے کعبہ سے ایام شمار کرتے تھے۔ پھر بخت نصر کے حملہ سے حساب لگایا جانے لگا جسکو "عام التفرق" کہتے اس کے بعد عام الغدر جاری کیا گیا اور سب سے آخر میں عام الفیل (نمبر۱۱) (یعنی جس سال حاکم یمن ابرہہ ہاتھیوں کی فوج لیکر مکہ میں واقع خانہ کعبہ ڈھانے کی غرض سے آیا لیکن مکہ پہنچنے سے پہلے ہی وادی محسر میں عذاب الٰہی کا شکار ہو گیا۔ اس واقعہ کی طرف قرآن کی سورہ فیل (۱۰۵) میں اشارہ ہے۔ اسی واقعہ کے ۵۰ روز بعد جوار خانہ کعبہ میں اس مقدس ترین ہستی نے جنم لیا۔ جسکے نام سے شب و روز دنیا کا بھرم قائم اور مہ و سال عالم کی آبرو قائم ہے)۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سنہ عیسوی کی ابتداء سے بہت پہلے مجوض بن انحض نامی سن جاری کیا گیا تھا۔ جو ابرہہ کے زمانہ تک رائج رہا۔ (نمبر۱۲) مدینہ منورہ میں تعیین تقویم کا معیار دوسرا تھا۔ اہل مدینہ میں دستور یہ تھا کہ وہ اپنے آطام یعنی ان قلعوں اور گڑھیوں سے جو وہاں جنگ کی غرض سے بنائی جاتی تھیں، ایام شمار کرتے تھے۔ (نمبر۱۳) پھر بعثت نبوی سے پہلے اہل مدینہ نے قمری تقویم اختیار کر لی اور اہل مکہ نے شمسی تقویم کو اپنالیا۔

(۵)

بہر حال تفصیلات سے قطع نظر دنیا کے مختلف حصوں مختلف قوموں اور زمانوں میں مختلف النوع تقاویم رائج رہی ہیں اور مختلف قسم کے سن اور کلینڈرز زیر استعمال رہے ہیں (مثلاً ہندی/ چینی، یونانی، بابلی، سکندری، مصری شامی، یہودی رومی وغیرہ) اور آج بھی رائج ہیں لیکن مجموعی طور پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ اپنی نوعیت وحقیقت کے اعتبار سے دنیا میں تین ۳ طرح کی نمائندہ تقاویم رائج رہی ہیں:-

(۱) قمری تقویم: جسمیں وقت، مہینوں، سالوں کا حساب چاند کے نکلنے اور گھٹنے بڑھنے پر موقوف ہے۔ اسمیں نیا چاند دیکھ کر (رویت ہلال سے) مہینہ کا آغاز ہوتا ہے اس لئے تقویم کو قمری (Lunar) تقویم کہا جاتا ہے۔ (ہجری تقویم (۱۴نمبر) بھی خالصتاً قمری تقویم ہے) یہ چونکہ فطرت (انسانی و کائناتی) کے مطابق ہے اس لئے عام آدمی کو اسے سمجھنا اور اس کے مطابق حساب کتاب اور مذہب و معاشرت کے کام انجام دینا آسان ہے۔ سورۂ بقرہ میں ارشاد ہے: يَسْـئَلُـوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ط قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ (بقرہ۱۸۹) لوگ آپ (ﷺ) سے چاند کی (گھٹتی بڑھتی صورتوں) کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ یہ لوگوں کے لئے تاریخوں کے تعین کا سبب (وقت کا اندازہ لگانے) اور حج کی علامتیں ہیں۔ یہی قمری تقویم دراصل حقیقی تقویم ہے (نمبر۱۵)۔ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَاللهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ط ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ (توبہ۳۶) فی الحقیقت اللہ کے نزدیک مہینے گنتی اور شمار میں۔ بارہ ہی ہیں اُس روز سے جبکہ اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا (کتاب خدا میں لکھے ہوئے ہیں) ان میں سے چار مہینے ادب کے (حرام ومحترم) ہیں۔ یہی دین قیم ہے۔ اور سورہ یونس (آیت ۵) میں شمس و قمر کی اصلیت و افادیت کا اہم نکتہ بیان ہوا: لتعلموا عددَ السنين وَالحِساب (تاکہ تم لوگ برسوں کا شمار (اور کاموں کا) حساب معلوم کرسکو)۔ قمری مہینہ کا دورانیہ کم و بیش ہوتا رہتا ہے۔ (کیونکہ زمین کے گرد چاند کی گردش، مدور شکل میں نہیں بلکہ بیضوی شکل کے راستہ پر چلتے ہوئے کبھی وہ زمین سے قریب ہو جاتا ہے اور کبھی دور اس لئے اسکا چکر کبھی ۳۰ دن

میں مکمل ہوتا ہے اور کبھی ۲۹ دنوں میں)لہذا قمری مہینہ کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہے اور کبھی ۲۹ دن کا اور کبھی ۲۹ اور ۳۰ دن کے بالترتیب دو یا تین مہینے متواتر بھی ہوسکتے ہیں۔زمین کے گرد کل ۱۲ چکروں (مہینوں) کی مجموعی اوسط مدت (یعنی ہر قمری سال) ۳۵۴ دن ۸ گھنٹہ ۴۸ منٹ اور ۳۴ سیکنڈ (تقریبا) ہوتی ہے۔(۱۶) ایک قمری سال بہرحال ۳۵۴ دن سے کم اور ۳۵۵ دن سے زیادہ (مدت) کا نہیں ہوسکتا۔ ہر قمری مہینہ اگرچہ نئے چاند کی رویت سے شروع ہوتا ہے لیکن چاند کی غیر یکساں ماہانہ گردش کے باعث ضروری نہیں کہ نیا چاند کرۂ ارض کے وسطی یا مغربی یا مشرقی حصوں میں ایک ہی وقت میں نظر آئے اس لئے مختلف ممالک میں رویت ہلال آگے پیچھے ہوسکتی ہے اور نتیجتاً ایک آدھ روز کا اختلاف ممکن ہوسکتا ہے۔ بہرحال حساب میں آسانی کے لئے ہر قمری سال کے مہینے ایک ہی ترتیب سے ۳۰ اور ۲۹ دنوں کے شمار کئے جاتے ہیں جبکہ عملی طور پر انہیں فرق واقع ہوسکتا ہے۔(۱۷)

(۲)

شمسی تقویم: اس تقویم کے تحت سال اور مہینوں اور دیگر تغیرات کا حساب کتاب چونکہ سورج کی رعایت سے لگایا جاتا ہے اس لئے اس کو شمسی (Soler) تقویم کہا جاتا ہے۔اس کا مرکزی نکتہ یہ ہے کہ زمین سورج کے گرد، اپنے مخصوص بیضوی راستے پر چکر لگا رہی ہے۔ سورج کے گرد زمین کا ایک چکر ایک سال میں مکمل ہوتا ہے اور اس کی کل مدت ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ ۴۸ منٹ ۴۶ سیکنڈ ہے۔اس کے علاوہ زمین کی اپنی محوری گردش بھی ہوتی ہے جو مخصوص انداز میں ہوتی ہے (اس لئے ہر مقام ہر رفتار یکساں نہیں ہوتی۔زمین ہر سال ۲ جنوری کو سورج سے قریب ترین ہوجاتی ہے جبکہ ۳ جولائی کے لگ بھگ دونوں ایک دوسرے سے بعید ترین ہوتے ہیں)(۱۸) محوری گردش سے دن رات پیدا ہوتے ہیں اور سورج کے گرد بیضوی دائرہ میں چکر سے موسم میں تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ شمسی سال (زمین کا سورج کے گرد ایک چکر) کی کل مدت کو ۱۲ مہینوں (کی تعداد) پر پورا پورا تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔ چنانچہ حسابی طریقہ سے (۱۲ میں سے) سات مہینوں کو ۳۱ دن کا اور چار مہینوں کو ۳۰ دنوں کا جبکہ ایک مہینہ (فروری کا) ۲۸ دنوں کا شمار کرکے ۳۶۵ دنوں کی تعداد تو پوری ہوجاتی ہے لیکن گھنٹوں منٹوں اور سیکنڈوں کا فرق، بے حساب باقی بچ جاتا ہے۔ بلکہ سال بہ سال یہ فرق بڑھتا چلا جاتا ہے۔چنانچہ یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ چار سال میں یہ فرق (۲۳ گھنٹہ ۱۵ منٹ ۴ سیکنڈ یعنی) تقریباً ایک دن ہوجاتا ہے، جبکہ ۱۰۰ سال میں تقریباً ۲۴/۲۵ دن، ۴۰۰ سال میں ۹۶/۹۷ دن اور ۴۰۰۰ سال میں ۹۷۰/۹۶۹ دنوں کا فرق واقع ہوجاتا ہے۔اس فرق کو دور کرنے کے لئے اگرچہ کئی قاعدے ضابطے ایجاد کئے گئے (مثلاً ۴ سال میں ایک دن کا فرق برابر کرنے کے لئے ہر چوتھے سال ماہ فروری میں ایک دن کا اضافہ کردیا جاتا ہے۔اس اضافہ سے سال ۳۶۶ دن کا ہوجاتا ہے اور لیپ کا سال کہلاتا ہے۔ایک عام صدی (۱۰۰ سال) میں لیپ کے ۲۴ سال بنتے ہیں)(۱۹) یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ سورج اگرچہ ثوابت میں سے ایک ستارہ ہے لیکن اپنی حقیقت کے اعتبار سے وہ بھی اپنی کہکشاں کے مرکز کے گرد گھوم رہا ہے۔(جس طرح کائنات میں پھیلے ہوئے دیگر تقریباً ایک کھرب ستارے اپنی کہکشاؤں کے مرکز کے گرد گھوم رہے ہیں) سورج کا مرکز کہکشاں کے گرد ایک چکر تقریباً 1/2 22 کروڑ سال میں پورا ہوتا ہے(۲۰) اور وہ اپنے مقررہ راستہ پر مستقل چکر لگا رہا ہے۔قرآن کے مطابق: والشمس تجری لمستقر لھا۔اور سورج اپنے مقررہ راستہ پر چلتا رہتا ہے(یٰسین ۳۸) نیز یہ بات بھی اہم ہے کہ ستاروں

سیاروں اور لاتعداد اجرام فلکی کی موجودگی اور بیک وقت حرکت وسفر کے باوجود انہیں سے نہ کوئی بے راہ ہوتا ہے نہ انہیں تسابق وتصادم ہوتا ہے کیونکہ وہ قدرت عزیز العلیم سے اپنے اپنے مقررہ راستوں میں محو سفر ہیں۔(کلّ فی فلک یسبحون۔یٰسین ۴۰)

شمسی تقویم ہمیشہ سے ایک سی نہیں رہی چنانچہ یہ تاریخ میں بار بار ترمیم واصلاح کے عمل سے گزری ہے۔آخری بار اسمیں پاپائے گریگوری سیزدھم کے حکم سے ۱۵۸۲ء میں ترمیم کی گئی اور اسوقت تک تقویم میں جو ۱۱ دن کی غلطی پیدا ہو چکی تھی اس کو اسطرح ختم کیا کہ ۲ ستمبر ۱۷۵۲ء (مطابق ۳ ذی القعدہ ۱۱۶۵ھ) کو جدید صحیح ترتیب پانے والے کلینڈر کے مطابق بدھ ۱۳ ستمبر ۱۷۵۲ء تھی۔اس سے اگلے دن انگلینڈ میں ۳ ستمبر کے بجائے ۱۴ ستمبر ۱۷۵۲ء جمعرات مطابق ۱۱۶۵ھ قرار دیکر قدیم کلینڈر کو جدید اور زیادہ صحیح کلینڈر کے ساتھ جوڑ دیا اور پوپ گریگوری سے نسبت پا کر وہ گریگورین کلینڈر قرار پایا۔اب یہ کلینڈر پوری دنیا میں رائج ہے اور عیسوی کلینڈر کہلایا جاتا ہے۔بقول مولانا عبدالقدوس ہاشمی صاحب اسے عیسوی یا مسیحی کلینڈر غلط طور پر کہا جاتا ہے۔کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے اسکا حقیقتاً کوئی تعلق نہیں ہے۔جولین کے چھ سو سال بعد ایک عیسائی راہب اگیزیگوس نے اسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف غلط حساب کر کے منسوب کر دیا جب سے اسے مسیحی کلینڈر کہنے لگے(حالانکہ نہ کسی کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تاریخ ولادت کا علم ہے اور نہ انکے درحقیقت رفع آسمانی کا علم ہے اور نہ عیسائیوں کے بقول انکے مصلوب کے جانے کی تاریخ معلوم ہے۔)(۲۱)

(۳) قمری شمسی تقویم: جیسا کہ نام سے ظاہر ہے وہ تقویم ہے جسمیں مہینوں کا حساب تو چاند سے لگایا جاتا ہے لیکن سالوں کا حساب سورج کی مداری گردش سے کیا جاتا ہے۔اس لئے اس تقویم کو قمری شمسی (Luni Solar) تقویم کہا جاتا ہے۔اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اسمیں کبیسہ ہوتا تھا یا لوند کا مہینہ۔وجہ یہ تھی کہ قمری تقویم میں (مہینے ہر موسم میں ادل بدل کر آتے تھے) شمسی تقویم (جسمیں مہینے یکساں موسم میں آتے تھے) کا پیوند لگانے کے لئے) خاص خاص سالوں میں تیرھویں مہینے کا اضافہ کر دیا جاتا تھا (جسے کبیسہ یا لوند کا مہینہ کہتے تھے) تقویم میں کبیسہ کا یہ طریقہ ہندوں کی تقویم (بکری ست) میں بھی پایا جاتا ہے یعنی تیسرے سال میں ایک ماہ کا اضافہ (کیونکہ قمری سال شمسی سال سے چھوٹا ہے اور ہر سال تقریباً 11 دن کا فرق پڑتا ہے اس کا فیصلہ اور حساب ہندو پنڈت پر وہمت کرتے ہیں کہ یہ (اضافی مہینہ) کس سال کے مہینہ کے بعد لگایا جائیگا۔تقویم میں کبیسہ کا اصول یہودیوں کے ہاں بھی تھا۔اور عربوں میں خاص طور پر مکہ مکرمہ اور اس کے قرب وجوار میں جاری شمسی قمری تقویم میں بھی تھا۔اس لئے اِسکو مکی تقویم بھی کہا جاتا ہے۔مکہ مکرمہ (جہاں اسلام کا ظہور ہوا اور جہاں سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنم لیا) میں رائج قمری شمسی تقویم میں کبیسہ کے تحت فیصلہ اور اعلان مکہ معظمہ میں سالانہ حج کے موقع پر قبیلہ قریش کے بنو کنانہ کے اختیار میں تھا۔عربوں کے یہاں چار مہینوں کی حرمت (اشہر الحرم یعنی (۱) ذوالقعدہ (۲) ذوالحجہ (۳) محرم الحرام (۴) رجب) ہمیشہ سے مسلمہ تھی (یہ اُنکی قومی ضرورت بھی تھی اور قومی شعار بھی) اس لئے کبیسہ کی زد اشہر حرم پر بھی پڑتی تھی اور یوں مہینوں کی تقدیم وتاخیر سے بعض حرام مہینے حلال اور حلال مہینے حرام بن جاتے تھے (جسے قرآن نے النسیٔ کی اصطلاح میں کافرانہ دروبست قرار دیا۔ملاحظہ ہو: التوبہ۔۳۷ (نمبر ۲۲) بقول مولانا ہاشمی یہ کام پہلے پہل کنانہ کے ایک شخص قلمس نامی نے انجام دیا اور پھر یہ منصب مستقل طور پر قبیلہ کنانہ میں متواتر چلا آیا یہاں تک کہ ظہور اسلام کے وقت تک قلمس شخصی نام کے

بجائے ایک قومی عہدہ بن چکا تھا۔ چنانچہ قبیلہ، کنانہ کا سردار (سالانہ) حج کے موقع پر یہ اعلان کر دیا کرتا تھا کہ آئندہ حج کس ماہ میں ہوگا اور اضافی تیرہواں مہینہ اس نے کس مہینہ کے ساتھ بڑھایا ہے۔ (۲۳) نیز یہ اعلان بھی قلامسہ کے فرائض میں داخل ہوگیا کہ وہ حج کے موقع پر بتادے کہ کون سے مہینے اشہر الحرم شمار کئے جائیں گے۔ بہر حال کبیسہ کا یہ طریقہ اور اس کے مطابق قمری شمسی تقویم مکہ مکرمہ اور اس کے نواح میں جاری وساری ہوگئی تاہم پورے عرب میں یکساں طور پر قبول عام حاصل نہ کرسکی۔ البتہ اسلام کے بننے والے دونوں مراکز (حرمین۔ مکہ، مدینہ) میں سے مکہ میں قمری شمسی تقویم جاری رہی اور مدینہ میں سادہ قمری تقویم کا رواج رہا۔

(۶)

ابتک کی گفتگو سے یہ وضاحت ہو جاتی ہے کہ سرزمین عرب میں دونوں تقویمیں (قمری تقویم اور قمری شمسی تقویم) ولادت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قبل بھی جاری وساری تھیں اور بعد میں یہ دونوں تقویمیں (کلینڈر) عہد رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بھی متداول رہیں۔ سنہ ۱۰ھ میں حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم الٰہی کے مطابق یہ اعلان فرمادیا کہ "اب زمانہ گھوم پھر کے اصلی صحیح وقت پر آگیا ہے"۔ (اس لئے آئندہ نہ کبیسہ ہوگا اور نہ نسیٔ ہوا کرے گی)۔ (۲۴)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب تک مکہ معظمہ میں قیام فرمارہے تو اس وقت تک رواج کے مطابق گویا قمری شمسی تقویم ہی مروّج ومتداول تھی اور مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت فرمانے کے بعد (۱ھ تا ۱۰ھ یعنی قیام مدینہ کے دس سالہ دور میں) جبکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قوت واقتدار حاصل ہوا اور ایک باقاعدہ اسلامی ریاست اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ پورے عرب کی وسعتوں پر چھا گئی، تو مدینہ طیبہ میں مروّج خالص قمری مدنی تقویم کی ہی پیروی فرماتے رہے اور تاریخی طور پر یہ ایک معلوم حقیقت ہے کہ حضور سرورِ کائنات علیہ التحیہ والتسلیمات نے از خود (کسی واقعہ کو بنیاد بنا کر) کسی سنہ، نئی تقویم، کلینڈر یا جنتری کا اجراء نہیں فرمایا بلکہ جو سنین پہلے سے مروجہ چلے آرہے تھے ان ہی پر اکتفا فرمایا (البتہ حجۃ الوداع کے موقع پر قمری شمسی تقویم میں اصلاح کی غرض سے کبیسہ کا طریقہ ممنوع اور نسیٔ کا دستور موقوف فرمادینے کا حکم جاری فرمایا) یہ اس بات کا اشارہ تھا کہ آئندہ قمری تقویم ہی قابل عمل ہوگی۔

مسلمانوں کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک نئے سن، ایک نئی تقویم کا اجراء اور باقاعدہ طور پر اس کا نفاذ (جیسا کہ عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے) عہد خلافت راشدہ میں خلیفہ دوم حضرت عمر بن الخطاب کے حکم سے ہوا جس کے تحت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واقعہ ہجرت کو نقطۂ آغاز قرار دیا گیا (فأمر عمر ان یورخ من ھجرۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وارخوا من اوّل تلک السنۃ من محرمھا (۲۵) چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت ربیع الاوّل ۱ھ (ستمبر ۶۲۲ء) میں فرمائی تھی اس لئے آغاز سن ہجری یکم محرم ۱ھ مطابق جمعہ ۱۶ جولائی ۶۲۲ء (بموجب گریگوری کلینڈر) قرار پایا۔ (یکم ربیع الاوّل ۱ھ کی مطابقت دوشنبہ ۱۳ ستمبر ۶۲۲ء سے ہوتی ہے) اس کے بعد سے آجتک سن ہجری تقویم جاری وساری ہے اور مسلمانوں کی شناخت اور پہچان ہے۔

(۷)

جب مسلمانوں میں تاریخ نویسی کا آغاز ہوا اور بطور خاص (سن ہجری اسلامی تقویم کے اجراء سے پہلے) عہد رسالت اور عہد صحابہ کے

واقعات کو ضبط تحریر میں لایا گیا تو مورخین محدثین اور اصحاب سیر کی بہترین کوششوں اور احتیاط کے باوجود یہ ممکن نہ ہوسکا کہ راوی روایت اور واقعہ وحادثہ کے ضمن میں اختلاف تقویم کی بھی تصریح کر دیتا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ واقعات وروایات واقعات صحت کے حاصل ہونے کے باوجود بظاہر توقیتی تضادات سے آلودہ ہوگئے۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ کسی راوی نے اسی واقعہ کو مثلاً مکی قمری شمس تقویم کے حوالہ سے بیان کیا ہے تو کسی دوسرے راوی نے اسی واقعہ کو مدنی تقویم کے اعتبار سے منسوب کیا ہے یا مثلاً اگر کوئی واقعہ محرم میں رونما ہوا تو ایک تو یہی بات شناخت طلب تھی کہ محرم کون سا ہے اور کس تقویم کا کیونکہ متذکرۃ الصدر تینوں تقادیم میں مہینوں کے نام یکساں تھے دوسرے یہ کہ اگر محرم وہ ہے جو اعتدال خریفی (۲۲ ستمبر کی وہ حالت جبکہ سورج برج اسد سے برج سنبلہ میں داخل ہوتا ہے) کے وقت شروع ہوا تھا اور بالفرض اس وقت موسم کے لحاظ سے اعتدال کی کیفیت طاری تھی لہذا راوی اس واقعہ کی تاریخ ماہ یوم بتا کر موسم معتدل بتاتا تھا لیکن جب یہ تقویم خالص قمری ہوگئی تو پھر ضروری نہ رہا کہ محرم کا مہینہ ہمیشہ اعتدال خریفی کے موقع پر ہی آئے۔ کیونکہ وہ ہر موسم میں آسکتا ہے جیسا کہ آجکل بھی ہمارے تجربہ میں آرہا ہے۔ یہی صورت حال دوسرے مہینوں کی بھی ہوتی ہے۔ (۲۶)

چنانچہ علمی تحقیق اور تاریخی طور پر نیز عوامی عملی اور رواتی دونوں سطحوں پر یہ ضرورت پیش آگئی کہ:۔

(ا) متذکرہ بالا تقادیم ثلاثہ کی باہمی مطابقت تلاش کی جائے۔

(ب) ہجری اور عیسوی تقادیم کے مابین مطابقت قائم کی جائے۔ کیونکہ عمومی طور پر مسلمانوں کی دینی مذہبی اور دنیاوی ضرورتوں کے تحت خالص شمسی عیسوی تقویم بھی ماضی وحال میں روزمرہ کا حصہ ہے اور خالص ہجری قمری تقویم بھی ناگریز طور پر دینی فرائض (رمضان، عید، بقرعید، حج وغیرہ) کی ادائیگی میں مروّج ومتداول ہے۔

(ج) بطور خاص تقویم عہد نبوی کو بہ تقابل عہد ماضی مرتب ومدوّن کیا جائے۔

ان ضرورتوں کے حوالہ سے علمی کام اور فکر وتحقیق کی دو جہتیں سامنے آئیں۔ ایک جہت سے ہمارے قدیم وجدید مورخوں، مصنفوں کی ایسی علمی کاوشیں منصہ شہود پر آئیں جنہوں نے ہجری قمری سنین اور دیگر شمسی سنین کے مابین تقابلی جدولیں تیار کیں چنانچہ بقول مولانا عبدالقدوس ہاشمی صاحب ''تقابلی جدولیں تیار کرنے کی کوششیں بہت قدیم سے جاری وساری ہیں۔ فلکیات کے ماہرین پہلی صدی ہجری سے ہی ایسی جدولیں بنانے لگے تھے۔ البیرونی خیام اور مسعودی وغیرہ کے نام اس سلسلہ میں مشہور ہیں۔ علامہ آگے کہتے ہیں کہ اہل یورپ میں علم تاریخ کا شوق جب اوائل پندرھویں صدی میں پیدا ہوا تو انھوں نے بھی توجہ کی اور رومن اور جولین کلینڈر سے ہجری سنین کے تقابل کے لئے مختلف اوقات میں بہت سی جدولیں بنائی گئیں لیکن آجکل بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تقابلی جدول جرمن عالم وسٹفلڈ (Wustenfled) کی ہے (۲۷)۔ علاوہ ازیں عربی، انگریزی ترکی میں بڑے پیمانے پر کام ہوا ہے۔

(۸)

پچھلی چار پانچ دہائیوں میں ہمارے ہاں اردو زبان میں بھی تقابلی جدول کی ترتیب وتدوین کے سلسلہ میں قابل قدر کام ہوا

ہے۔ یہاں تفصیل کا موقع نہیں البتہ ایک قابل ذکر تقابلی جدول ''تقویم ہجری وعیسوی'' کے نام سے ابوالنصر محمد خالدی (ایم اے جامعہ عثمانیہ) کی ہے جو آج سے تقریباً ستر ۷۰ سال پہلے (۱۹۳۹ء میں) شائع ہوئی اور جسے کچھ عرصہ پہلے انجمن ترقی اردو پاکستان (کراچی) نے ۱۹۹۳ء میں اشاعت چہارم کی حیثیت سے) شائع کیا ہے۔ اسمیں شامل مقدمہ کی رو سے اس جنتری (تقویم) کو جرمن اسکالر ڈاکٹر وستفلڈ .Dr) Fardianand Wustenfeld) کی تقویم محمدی وعیسوی مرتبہ ایڈرڈ مہلر Tabellen der Mohammadi and) Christichen Leitrechmng . By. Eduard Mahler (Leipzig 1926) کی مدد سے تیار کیا گیا تھا۔ کتاب مختصری ہے۔ اس کے ۷۵ صفحات کے ہر صفحہ پر ایک جدول ہے جسمیں سن۔ مہینہ۔ دن۔ تاریخ کا ہجری وعیسوی تقابل دکھایا گیا ہے اور ۱ھ سے ۱۵۰۰ھ تک یعنی ۱۵ صدیوں کی تقویم ہے۔ یہ گویا ہر دور میں کارآمد ہے اور ہجری یا عیسوی سنین کے تقابل کو بخوبی واضح کر دیتی ہے۔

اسی قبیل کی اور یکساں نوعیت رکھنے والی جدید دور کی ایک اور اہم تالیف مولانا عبدالقدوس ہاشمی کی (۳۷۵ صفحات پر مشتمل) ضخیم کتاب ''تقویم تاریخی'' ہے۔ اسکا پہلا ایڈیشن ۱۹۶۵ء میں ادارہ تحقیقات اسلامی کراچی سے شائع ہوا تھا۔ اور دوسرا ایڈیشن مولف مرحوم ومغفور کی نظر ثانی اور اضافہ کے بعد ۱۹۸۷ء میں ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کی طرف سے شائع ہوا۔ پندرہ ہجری صدیوں کی تقابلی جدولوں کے علاوہ اس کتاب میں اضافی طور پر قبل الہجرت اور قبل المسیح دور کی تقابلی سنین کی فہرست دے دی ہے ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ افادہ عام کے لئے ایک مستقل کالم قائم کر کے تاریخ اسلامی کے اہم واقعات، حادثات، نیز مشاہیر، نمایاں شخصیات کی وفیات وغیرہ کا مختصر ذکر اور تذکرہ کر دیا ہے۔ اس اعتبار سے تاریخ وتراجم کا بیش بہا ذخیرہ مہیا کر دیا گیا ہے۔

(۹)

دوسری جہت ان علمی وتحقیقی کاوشوں کی ہے جن میں توقیتی تضادات کی نشاندہی بر بنائے دلیل وبرہان کی گئی اور ان کے حل کے لئے بھی تحقیقی انداز سے مختلف پہلوؤں کا جائزہ، مختلف امکانات پر بحث مباحثہ اور بالآخر عہد جاہلیت میں مروجہ تقاویم کی دریافت شامل ہے۔ اس سلسلہ میں اہل مغرب میں سے سرولیم میوز مارگولیتھ پرسیوال، ولہازن ونکلر (Wincler) قابل ذکر حیثیت رکھتے ہیں جبکہ ہمارے ہاں اردو میں ڈاکٹر حمیداللہ، مولوی اسحاق النبی علوی، سید اسماعیل رضا ذبیح ترمذی، ضیاء الدین لاہوری اور علی محمد خاں نے قابل قدر کام کیا ہے۔ مزید برآں ان تمام حضرات میں سے مرکزیت دراصل مولوی اسحاق النبی علوی صاحب کے کام کو حاصل ہے۔

مولوی اسحاق النبی علوی صاحب کی شہرت اُن کے اس طویل مقالہ پر ہے جو ۱۹۶۴ء میں (مئی تا دسمبر قسط وار) ماہنامہ برہان دہلی میں چھپتا رہا اور پھر نقوش رسول نمبر (شمارہ ۱۳۰) جلد دوم دسمبر ۱۹۸۲ء) میں یکجا ہو کر مزید اضافوں کے ساتھ (صفحہ نمبر ۵۲ تا ۲۰۴) شائع ہوا۔ اسے سنجیدہ علمی حلقوں میں انتہائی پذیرائی حاصل ہوئی۔

اسحاق النبی علوی صاحب نے واقعات سیرت کی صحیح توقیت کے لئے، وقت، زمانہ، حالات موسم، روایات، مورخین، مستشرقین، مغربی ماہرین وغیرہ کے بیانات کا علمی تنقیدی تاریخی جائزہ لیتے ہوئے نہ صرف یہ کہ دو تقویمی نظریہ پیش کیا (جو انکے اپنے اعتراف کے مطابق ونکلر کے

تصور سے مستفاد ہے (صفحہ نمبر ۷۳۔۷۴)۔ پرسیوال، میوا ور دوسرے مصنفین وغیرہ کی غلطیوں کا جائزہ لیا (صفحہ نمبر ۷۴) ڈاکٹر حمید اللہ کی دریافت شدہ تقویمی جدولوں کو جانچ پرکھ کر دیکھا (صفحہ نمبر ۷۴ تا ۷۵) اور بالآخر زمانہ رسالت کی مکی مدنی تقویمیں دریافت کیں (خصوصاً یہ نکتہ معلوم کیا کہ جاہلی تقویم کا نقطہء آغاز اعتدال خریفی تھا (صفحہ نمبر ۱۰۰) نیز یہ کہ نہ صرف اہل مکہ بلکہ شاید پورے شرق وسطی کے سنین کی ابتداء (بجز عراق اور ایران کے) اعتدال خریفی (Autumnal Equinox) ہی سے ہوتی تھی (صفحہ نمبر ۱۰۷) علاوہ ازیں اپنے تقویمی حسابات کی جانچ پڑتال کے لئے مکی، مدنی اور جولین تقویموں کی تقابلی جدولیں مرتب کیں اور بے شمار واقعات سیرت سے استشہاد پیش کر کے نو دریافت تقویمی نظریہ کی صحت کو ثابت کیا۔ علوی صاحب کے عالمانہ کام کی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ انکے ناقدانہ تفصیلی مقالہ کے مطالعہ سے ہی ہوسکتا ہے ورنہ مزید تفصیلات مضمون کو بوجھل بنا دیں گی۔

ا۔ ہجرت | ہجرت کا واقعہ وہ ہے جسکی نسبت سے ہجری تقویم کو افتخار و امتیاز حاصل ہے۔ واقعہ ہجرت نہ صرف یہ کہ اسلامی تاریخ کا عظیم الشان واقعہ، مسلمانوں کی تاریخ کا اہم موڑ، قافلہ اسلام کی راہ کا سنگ میل ہے، بلکہ تمام واقعات سیرت میں نمایاں ترین حیثیت رکھتا ہے۔ اس واقعہ کا دن اور تاریخ محفوظ ہے۔

مشہور سیرت نگار ابن اسحاق نے واقعہ ہجرت کے سلسلہ میں حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کی قبا (مدینہ) میں آمد پیر ۱۲/ ربیع الاوّل ۱ھ بیان کی ہے۔ یہ تاریخ مجمع علیہ ہے اور صدر اوّل کے تمام مورخوں نے اسی کو اختیار کیا ہے بلکہ کئی مستشرقین بھی اس سے متفق ہیں۔ مگر قابل غور بات یہ ہے کہ یہ دن اور تاریخ (پیر، ۱۲ ربیع الاوّل) قمری ہجری تقویم کے لحاظ سے مطابقت نہیں رکھتا۔ کیونکہ ہجری اور عام تقویمی حساب سے مذکورہ تاریخ (۱۲ ربیع الاوّل) کو پیر نہیں جمعہ کا دن پڑتا ہے۔ چنانچہ عام تقویمی حساب سے ۱ھ میں محرم اور صفر کے ۵۹ دن ہوتے ہیں پھر ۱۲ دن ربیع الاوّل کے ملا کر کل ۷۱ دن ہوئے جنہیں ۷ سے تقسیم کیا تو ایک دن باقی بچا۔ قمری تقویم کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ چونکہ یکم محرم کو جمعہ تھا اس لئے یہاں سے شمار کی ہوئی کسی بھی تعداد ایام کو ۷ سے تقسیم کرنے پر اگر ایک باقی بچتا ہے تو دن جمعہ ہوگا۔ لہذا ۱۲ ربیع الاوّل ۱ھ کو جمعہ ثابت ہوتا ہے۔

دن تاریخ کے اس فرق اور تفاوت کی نشاندہی غالباً سب سے پہلے مشہور مورخ البیرونی نے کی اور حسابی قاعدوں سے ثابت کیا کہ تاریخ ہجرت ۱۲ ربیع الاوّل نہیں بلکہ ۸ ربیع الاوّل ہے کیونکہ پیر کا دن ۸ ربیع الاوّل کو پڑتا ہے۔ چنانچہ عہد حاضر کے کئی بڑے مصنفین مارگولیتھ، ایچ جی ویلز اور مولانا شبلی وغیرہ نے بھی مان لیا کہ یہ تاریخ ۸ ربیع الاوّل ہے۔ جس کی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ عام قمری ہجری حساب سے ۱۲ ربیع الاوّل کو پیر کا دن ممکن نہیں البتہ ۸ اور ۱۵ ربیع الاوّل کو پیر تھا اور ۱۲ ربیع الاوّل کو جمعہ۔ علامہ محمد ہاشم ٹھٹھوی نے اپنی کتاب ''نبوت کے ماہ و سال'' میں (صفحہ ۱۲۲، ۱۲۱ پر شامی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ ربیع الاوّل پیر کے دن قبا پہنچے۔ ہجرت کے سلسلہ میں دوسری تاریخیں بھی اسی کے مطابق دی ہیں۔ (مثلاً غار ثور کو روانگی جمعہ ۲ ربیع الاوّل غار ثور میں سہ روزہ قیام ۲ تا ۵ ربیع الاوّل قبا میں آمد پیر ۱۲ ربیع الاوّل ۱ھ مطابق ۲۲ نومبر ۶۲۲ء وغیرہ)

جبکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ وقائع ہجرت میں دنوں اور تاریخوں کا یہ فرق دو مختلف تقویموں کے سبب نظر آتا ہے۔ چنانچہ پیر ۱۲ ربیع الاوّل ۱ھ مطابق ۲۲ نومبر ۶۲۲ء کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبا (مدینہ) میں آمد دراصل کی (قمری شمسی خریفی) تقویم کے مطابق درست اور صحیح ہے۔ جبکہ قمری ہجری تقویم کے مطابق قبا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد پیر ۸ ربیع الاوّل اور مدینہ منورہ میں داخلہ اور نماز جمعہ ۱۲ ربیع الاوّل ۱ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۶۲۲ء کا واقعہ تھا جو ہجری تقویم کے مطابق صحیح اور درست ہے۔ (ملاحظہ ہو تقویم ہذا کا صفحہ نمبر ۹۳)

۲۔ صوم عاشورہ | ہجرت کے بعد پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ پہنچ کر مسلمانوں کو عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا حکم دیا تھا۔ یہ بالکل واضح ہے کہ یہ واقعہ ۲ھ کا ہے۔ ظاہر ہے ۱ھ کا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ربیع الاوّل ۱ھ میں ہجرت فرمائی تھی (جبکہ ماہ محرم یقیناً گذر چکا تھا) اس لئے ہجرت کے بعد پہلا یوم عاشورہ دوسرے سال ہی آیا۔ نیز یہ عاشورہ قمری ہجری تقویم کے مطابق نہیں

بلکہ مکی شمسی خریفی تقویم کے مطابق ۱۰ محرم ۲ھ (مطابق ۱۱/۱ اکتوبر ۶۲۳ء منگل) کو واقع ہوا۔ قمری ہجری تقویم کے مطابق اس دن ۱۰ ربیع الثانی ۲ھ تھی یعنی اس سال مکی محرم مدنی ربیع الثانی کے متوازی چل رہا تھا۔ (ملاحظہ ہو تقویم ہذا کا صفحہ ۹۴) مولوی اسحٰق النبی علوی نے اپنے مقالہ میں صوم عاشورہ اور اس سے متعلقہ حدیث وسیر کی روایات کو تقادیم ماقبل عہد رسالت کے تعین میں اصل الاصول قرار دیا ہے اور لکھا ہے کہ ''یہی احادیث پوری جاہلی تقویم کے لئے قول فیصل کا حکم رکھتی ہیں (مقالہ صفحہ ۱۰۳) اس کے بعد حضرت ابن عباسؓ سے مروی دو روایت اور حضرت ابوموسیٰ اشعری سے مروی تیسری یہ روایت نقل کی ہے کہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو دیکھا کہ یہود عاشورے کی عظمت کرتے ہیں اور روزہ رکھتے ہیں اس پر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہم اس روزہ کے زیادہ حقدار ہیں اور اس روزہ کا حکم دیا۔ (بحوالہ بخاری صفحہ ۱۰۴) علوی صاحب آگے لکھتے ہیں کہ ''ان تینوں روایتوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عاشورہ کا روزہ نہ صرف مسلمانوں نے بلکہ خود پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے عین اس دن رکھا تھا جس روز یہودیوں کے عاشورہ کا دن تھا۔ یہودی یہ روزہ ماہ تشری کی ۱۰ تاریخ کو رکھا کرتے تھے جو ان کی تقویم کا پہلا مہینہ شمار ہوتا تھا اور مسلمانوں میں بھی یہ روزہ دس محرم کا مسنون ہے جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جس سال پہلی بار مدینہ میں یہ روزہ رکھا گیا تھا کم از کم اس سال عربوں کا ماہ محرم یہودی ''تشری'' کے عین مطابق تھا جو ہمیشہ اعتدال خریفی میں آتا تھا۔ ان روایات سے اکثر مستشرقین یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ روزہ یہود کی تقلید میں اختیار کیا تھا (مقالہ علوی صفحہ ۱۰۴ بحوالہ، مارگولیتھ) مگر واقعاتی اعتبار سے یہ خیال صحیح نہیں، بلکہ زمانہ جاہلیت میں قریش مکہ بھی یہ روزہ رکھا کرتے تھے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں ''یوم عاشورہ کا روزہ زمانہ جاہلیت میں قریش رکھا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ بھی رکھتے تھے (ایضاً) بہرحال عاشورہ کا روزہ یہود مدینہ کی تقلید کا نتیجہ نہ تھا۔ (ایضاً صفحہ ۱۰۵) آخر میں بطور نتیجہ وہ لکھتے ہیں کہ ''یہ بات صاف ظاہر ہو جاتی ہے کہ عربی تقویم کا ماہِ محرم جس میں یہ روزہ مسنون ہے، عہد رسالت میں اگر ہمیشہ نہیں تو اکثر و بیشتر یہودیوں کے ماہ تشری سے مطابق رہتا جو بغیر اس صورت کے ممکن نہیں کہ ہم اصول کبیسہ کے تحت عربی تقویم کی ابتداء ہمیشہ اعتدال خریفی سے کریں۔'' (ایضاً صفحہ ۱۰۶)

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ مکی قمری شمسی خریفی تقویم اور یہودی تقویم کی نوعیت ایک جیسی ہی تھی اور یہ کہ یہودی تقویم کا پہلا مہینہ تشرین ہمیشہ ستمبر، اکتوبر کے متوازی ہوا کرتا تھا جیسا کہ زیر نظر تقویم میں مکی خریفی تقویم کا محرم۔ البیرونی نے اپنی مشہور کتاب الآثار الباقیہ میں خود اقرار کیا ہے کہ عہد رسالت میں مکی قمری شمسی خریفی تقویم (Lunar Solar) مکہ میں موجود اور مستعمل تھی لیکن وہ یہ بات نہیں مانتے کہ ۱ھ یا ۲ھ میں اس تقویم کے ۱۰ محرم (اور اس دن ۱۰ تشرین کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کا روزہ رکھا تھا۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مکی خریفی تقویم علامہ کے زمانے میں موجود ہی نہیں تھی اور اس کے مطابق محفوظ کی ہوئی تاریخیں (غالباً غیر شعوری طور پر) قمری ہجری تقویم کے مطابق بھی جاری تھیں۔ قمری ہجری تقویم کے محرم میں بے شک عاشورہ واقع نہیں ہوا۔ نہ ۱ھ میں نہ ۲ھ میں۔ لیکن اصلاً مکی خریفی تقویم کے محرم میں ضرور واقع ہوا۔ اس لئے کہ مکی خریفی محرم اور یہودی تقویم کا پہلا مہینہ تشرین تقویمی ہمیشہ ہی متوازی ہوا کرتے تھے حواشی اور حوالے اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۱؎ البیرونی کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ورود مدینہ (۸ ربیع الاوّل) یہودی مہینہ کی دس تاریخ (مطابق ۹ ربیع الاوّل) سے ایک دن پہلے وقوع میں آیا اور عاشورہ کسی طرح محرم میں واقع نہیں ہوا (قمری ہجری تقویم کے مطابق۔ جیسا کہ اوپر وضاحت آ چکی) محرم میں اس کا وقوع یا تو

ہجرت سے کئی سال پہلے ممکن ہے یا کچھ اوپر بیس برس کے بعد ہونے والا تھا۔ [2] اس لئے باطل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کے دن اس وجہ سے روزہ رکھا کہ وہ اس سال (قمری ہجری) کے پہلے ماہ کی دس تاریخ تھی اور دونوں تاریخیں (یعنی دس تشرین اور دس محرم) ایک دن واقع ہوئی تھیں [3]

میرا اور علامہ اسحاق النبی علوی صاحب کا موقف یہ ہے کہ مکی قمری شمسی خریفی تقویم کے محرم کی دس تاریخ اور یہودی سال کے پہلے مہینہ تشرین کی دس تاریخ ایک ہی دن تھیں (یا ایک دن کے فرق سے) لیکن علامہ البیرونی صاحب کے سامنے چونکہ یہ مکی خریفی تقویم موجود ہی نہیں تھی وہ تو بہت پہلے منسوخ ہو کر بھولی بسری ہو چکی تھی اس لئے علامہ نے دس تشرین کا مقابلہ رائج الوقت دس محرم ۱ھ سے کیا اور جب اس کے ساتھ مطابقت ٹھیک نہ ملی تو اصل واقعہ کو ہی باطل قرار دیدیا واقعہ یہ ہے کہ مکی خریفی تقویم کا دس محرم اور یہودی تقویم کا دس تشرین ایک ہی دن ہوا کرتے تھے اس دن عاشورہ کا روزہ رکھا جاتا تھا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس سال مدینہ منورہ پہلے پہونچے یہ دن گذر چکا تھا۔ اگلے سال ۲ھ کی بات ہے کہ حضور نے یہ روزہ خود بھی رکھا اور صحابہ کو بھی حکم دیا۔

۳۔ غزوہ ینبع بیان کیا جاتا ہے کہ یہ مہم ۲ شعبان ۲ھ جمعرات کے دن روانہ ہوئی تھی۔ حساب کے مطابق قمری ہجری تقویم میں دس تاریخ کو جمعرات ممکن نہیں بلکہ اتوار آتا ہے لیکن اگر ۲ شعبان ۲ھ کو بجائے قمری ہجری تقویم کے مکی (قمری شمسی خریفی) تقویم پر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ۲ شعبان ۲ھ کو جمعرات ہی ہے گویا یہ تاریخ مکی تقویم کے مطابق ہی ریکارڈ کی گئی تھی۔ (ملاحظہ ہو تقویم ہذا صفحہ ۹۴)

۴۔ معاہدات ۲ھ ہجری میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجاز کے ساحلی علاقے کے متعدد قبائل سے سیاسی اور تجارتی اغراض کے تحت کئی معاہدے کئے تھے۔ بنو اسلم اور غفار سے جو معاہدے ہوئے تھے ان کے لئے ایک روایت کے بموجب منگل ۱۴ شعبان ۲ھ کو پیغمبر اسلام تشریف لے گئے تھے۔ اس تاریخ کو مدنی ہجری تقویم کے مطابق منگل نہیں جمعہ آتا ہے، البتہ اگر اس تاریخ کو مکی تقویم پر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا

---

[1] ۱ھ میں البیرونی کے حساب سے اتوار ۱۲ ستمبر کو یہودی سال شروع ہوا تھا (۲۹ صفر کو اور میرے حساب سے اس تاریخ سے اگلے ہی دن پیر ۱۳ ستمبر ۶۲۲ء کو مکی خریفی تقویم کا سال یعنی محرم شروع ہوا ہے۔ گویا یہ ایک شہادت ہے کہ مکی خریفی سال اور یہودی سال ایک ساتھ شروع ہوا کرتے تھے۔ اور یہ کہ علامہ (البیرونی) کے اور میرے حساب میں صرف ایک دن کا فرق ہے۔ علامہ نہ معلوم کس وجہ سے ۲۹ صفر سے سال شروع کر رہے ہیں میں نے تو چاند کی یکم تاریخ سے شروع کیا ہے (ملاحظہ ہو تقویم ہذا کا صفحہ نمبر ۹۳)

[2] دراصل مکی خریفی تقویم کے حساب سے ۶،۵، ۷ قبل ہجری میں ہجری محرم اور مکی خریفی محرم اور یہودی تقویم کا پہلا مہینہ تشرین یہ تینوں مہینے ضرور متوازی تھے اور ہر ۳۲ یا ۳۳ سال بعد ایسا ہوتا تھا (ملاحظہ ہو تقویم ہذا کا صفحہ نمبر ۸۶، ۸۷، ۸۸)

[3] البیرونی۔ الآثار الباقیہ عن القرون الخالیہ صفحہ ۱۶۴ تا ۱۶۶ مطبوعہ علی گڑھ۔

کہ واقعی اس تاریخ کو منگل ہی پڑتا ہے اور اصل روایت میں جو تاریخ اور دن بتایا گیا ہے وہ مکی تقویم کے مطابق ٹھیک ہے گویا یہ تاریخ بھی مکی تقویم کے مطابق ریکارڈ کی گئی تھی۔ (ملاحظہ ہو تقویم ہذا صفحہ ۹۴)

۵۔غزوہ بواط | اس غزوہ پر جانے کی تاریخ ابن حبیب کے یہاں ۱۳ ربیع الاخر ۲ھ پیر ہے اور مراجعت ۲۰ ربیع الاخر ۲ھ پیر ہے۔ مکی تقویم کے حساب سے پیر کا دن ۱۲ ربیع الاخر ۲ھ مکی (قمری شمسی خریفی) کو پڑتا ہے گویا ایک دن کا فرق ہے جو نا قابل لحاظ ہے۔ (ملاحظہ ہو تقویم ہذا صفحہ ۹۴)

۶۔معرکہ بدر | ابن اسحاق، واقدی اور دوسرے علمائے سیر بھی متفق ہیں کہ یہ معرکہ ۱۷ رمضان ۲ھ جمعہ کے دن پیش آیا۔ "مستدرک حاکم" میں عامر بن ربیع بدری سے جو روایت منقول ہے اس سے ایک ہلکے سے اختلاف کا پتہ چلتا ہے جو قمری مہینوں میں وجہ حیرت نہیں یعنی یہ کہ معرکہ بدر بجائے ۱۷ کے ۱۹ رمضان کا واقعہ ہے تاہم جمعہ کے دن اور ۱۶ یا ۱۷ رمضان پر سب کا اتفاق ہے۔ حتیٰ کہ سب سے قدیم سیرت نگار عروہ بن زبیر نے بھی جمعہ کا دن اور ۱۶ رمضان بیان کی ہے مگر جب اس تاریخ کا مقابلہ تقویمی جدولوں سے کیا جاتا ہے تو مدنی تقویم کی رو سے ۱۶ رمضان ۲ھ کو بجائے جمعہ کے پیر اور ۱۷ کو منگل آتا ہے لیکن اگر ۱۶ رمضان ۲ھ کو مکی تقویم پر رکھ کر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ۱۶ رمضان کو ہفتہ تھا روایت میں جمعہ آیا ہے۔ ایک دن کا فرق آ سکتا ہے۔ اس طرح یہ تاریخ بھی مکی تقویم کے مطابق صحیح معلوم ہوتی ہے علاوہ ازیں روایت سے اس غزوے کا موسم بھی گرم ثابت ہوتا ہے[۱] اور مکی تقویم کے لحاظ سے رمضان ۲ھ جون ۶۲۴ء سے مطابق تھا جو گرمی کا مہینہ ہے جبکہ مدنی ہجری تقویم کے مطابق رمضان ۲ھ فروری مارچ ۶۲۴ء کے مطابق تھا واللہ اعلم بالصواب۔ (صفحہ ۹۴)

۷۔غزوہ بنو قنیقاع | غزوہ بنو قنیقاع معرکہ بدر سے تھوڑے ہی عرصہ بعد کا واقعہ ہے سیرت نگار پورے وثوق سے اس مہم کی تاریخ ہفتہ ۱۴ یا ۱۵ شوال ۲ھ بیان کرتے ہیں۔ اب اگر ہم اس تاریخ کو مدنی ہجری تقویم پر دیکھتے ہیں تو اس تاریخ کو ہفتہ نہیں منگل آتا ہے البتہ اگر ہم اس تاریخ کو مکی تقویم پر دیکھتے ہیں تو ۱۵ شوال ۲ھ کو ہفتہ کا ہی دن آتا ہے جو بہ روایت واقدی صحیح ہے۔ (دیکھو ۹۵)

۸۔غزوہ سویق | علامہ مخدوم محمد ہاشم صاحب کی سیرت النبی پر کتاب "عہد نبوت کے ماہ و سال" کے صفحہ ۵۹ پر ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ہوئی کہ ابوسفیان اپنے ساتھ دو سو سواروں کو لے کر عراض تک پہنچ چکا ہے یہ جگہ مدینہ سے ۳ میل ہے تو آپ ۵ ذی الحجہ ۲ھ کو اتوار کے دن دو سو سواروں کے ہمراہ مقابلے کے لئے نکلے۔ ہجری تقویم کے مطابق تو اس تاریخ کو منگل آتا ہے اس لئے یہ تاریخ قمری ہجری تقویم

---

[۱] صحیح مسلم جلد ۵ صفحہ نمبر ۳۳

کے مطابق نہیں البتہ کی خریفی تقویم کے مطابق اس تاریخ کو ضرور اتوار کا دن تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تاریخ کی خریفی تقویم کے مطابق محفوظ کی گئی تھی۔ ابوسفیان مقابلے پر نہیں آیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کامیاب و کامران واپس تشریف لائے۔ (صفحہ ۹۵ تقویم ہذا)

۹۔ غزوہ بنونضیر | احد کے بعد ۴ھ کا سب سے مشہور واقعہ غزوہ بنونضیر ہے جس کی تاریخ منگل ۱۲ ربیع الاول متعین ہے مگر تقویمی حساب سے یہ تاریخ اور دن آپس میں مطابقت نہیں کرتے ہیں کیونکہ از روئے حساب ۱۲ ربیع الاول ۴ھ مدنی کو دن منگل نہیں جمعرات آتا ہے البتہ اگر اس تاریخ کو کی تقویم میں دیکھیں تو ۱۲ ربیع الاول ۴ھ کو دن منگل ملتا ہے جو روایت کے عین مطابقت ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ تاریخ کی تقویم کے مطابق محفوظ کی گئی تھی۔ (صفحہ ۹۶)

۱۰۔ قتل کسریٰ پرویز | کسریٰ اپنے بیٹے شیرویہ کے ہاتھوں منگل ۱۰ جمادی الاول ۶ھ کو نینوا میں قتل ہوا۔ اس تاریخ کو پیر کا دن کی تقویم کے مطابق آتا ہے۔ صرف ایک دن کا فرق ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تاریخ کی تقویم کے مطابق محفوظ کی گئی ہوگی۔ اس تاریخ کی مطابقت میں ۲۴ فروری ۶۲۸ء آتی ہے لیکن یورپین مورخین اس واقعہ کی تاریخ ۲۵، یا ۲۷ یا ۲۹ فروری بتاتے ہیں۔ ۲۲ سے ۲۹ فروری تک کوئی بھی تاریخ ہو کی خریفی جمادی الاول ۶ھ کی تائید میں ہے۔ (دیکھئے تقویم ہذا صفحہ ۹۹)

صفحہ ۱۱۲ پر حدیبیہ کے ذیقعدہ اور کسریٰ کے جمادی الاول میں بظاہر چھ ماہ کا فرق معلوم ہوتا ہے لیکن دراصل یہ دونوں واقعات بالکل قریب الحمد ہیں اس طرح کہ کی جمادی الاول ۶ھ سے مدنی ذیقعدہ ۶ھ اگلا ہی مہینہ ہے۔ (ملاحظہ ہو صفحہ ۹۹)

ایسی تاریخیں جو ہجری تقویم کے مطابق صحیح ہیں۔

۱۱۔سریہ عبداللہؓ بن انیس سیرت کی کتابوں میں ایک چھوٹا سا واقعہ سریہ عبداللہ بن انیس کہلاتا ہے اس واقعہ کی تاریخ خود عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ میں مدینہ سے دوشنبہ کے دن ۵ محرم کو نکلا از روئے حساب بالکل صحیح ہے ۵ محرم ۴ھ کو مدنی قمری ہجری تقویم کے مطابق پیر کا ہی دن تھا۔(تقویم ہذا صفحہ ۹۶)

۱۲۔غزوہ خندق ابن حبیب کا بیان ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوہ کے لئے جمعرات ۱۰ شوال کو نکلے تھے ہجری تقویم کے مطابق یکم شوال ۵ھ کو پیر تھا اور اس حساب سے ۱۰ شوال کو بدھ آتا ہے گویا ایک دن کا فرق ہے جو نا قابل التفات ہے۔(ملاحظہ ہو صفحہ ۹۷) اسے غزوہ احزاب بھی کہتے ہیں اس کے فوراً بعد غزوہ بنی قریظہ ہے۔

۱۳۔چاند گرھن ۵ ہجری مورخین بیان کرتے ہیں کہ جمادی الاخر ۵ھ ہجری میں مدینہ میں ایک چاند گرھن دیکھا گیا تھا از روئے حساب ۹ نومبر ۶۲۶ء کو ایک چاند گرھن ہوا تھا جو مدنی ہجری ۱۳ جمادی الاخر اتوار سے مطابق ہوتا ہے۔ (صفحہ ۹۷)

۱۴۔عمرہ حدیبیہ عمرہ حدیبیہ کی تاریخ بھی صحیح معلوم ہوتی ہے۔ابن سعد نے صراحت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ کے لئے دوشنبہ کے دن یکم ذی قعدہ ۶ھ کو عازم مکہ ہوئے تھے ہجری تقویم میں ۲۹ کا چاند مانا جائے تو یکم ذی قعدہ کو اتوار کا دن پڑتا ہے گویا روایت میں اور حساب میں ایک دن کا فرق ہے یہ فرق ایسا نہیں جو تاریخ کو غلط قرار دیا جا سکے اور اگر ۳۰ کا چاند مان لیا تو پھر یکم ذی قعدہ کو پیر کا ہی دن آجاتا ہے جو روایت کے بالکل ہی مطابق ہے۔(ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۹۸) از روئے حساب یعنی رویت ہلال کے مطابق یکم ذی قعدہ کو دوشنبہ کا ہی دن تھا ۱۴ مارچ ۶۲۸ء۔

۱۵۔رحلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۶ ربیع الاول بدھ کے دن یکا یک پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت ناساز ہونا شروع ہوئی۔۸ ربیع الاول ۱۱ھ کو آپ کی طبیعت زیادہ ناساز ہوگئی تو آپ نے ایک تحریر لکھنی چاہی لیکن بیماری کی شدت تھی اور یہ کام نہ ہوسکا۔ اس عرصہ میں طبیعت کبھی بگڑتی کبھی سنبھلتی۔اتوار کے دن مرض پوری شدت پر تھا۔پیر کے دن صبح کو طبیعت قدرے بہتر ہوگئی۔آپ نے حجرے کا پردہ اٹھا کر دیکھا تو لوگ نماز میں مشغول تھے۔یہ دیکھ کر حضور فرط مسرت سے ہنس پڑے۔لوگوں نے سمجھا آپ باہر آنا چاہتے ہیں۔قریب تھا کہ صفیں درہم برہم ہوجائیں۔آپؐ نے اشارہ سے روکا۔یہ جمال اقدس کی آخری زیارت تھی جو فدایان نبوت نے کی۔جوں جوں دن چڑھتا گیا حالت بگڑتی گئی۔بار بار ہوش آتا اور بار بار غشی طاری ہوجاتی آخر کار رفیق اعلےٰ سے ملنے کا وقت آگیا اور لب مبارک ہلے تو لوگوں نے یہ الفاظ

سنے "نماز" اور "غلام" روایت کے مطابق یہ واقعہ ۱۲ ربیع الاول پیر کے دن بعد دوپہر کا ہے۔ یعنی ۸ جون ۶۳۲ء صلوا علیہ وسلموا تسلیما علمائے سیرت اور پوری امت کا اس پر اتفاق ہے لیکن تقویمی حساب سے صرف ۶ اور ۱۳ ربیع الاول کو پیر کا دن آسکتا ہے اس پر بھی تمام ریاضی دانوں کا اتفاق ہے میرے نزدیک ان دونوں صورتوں میں تطبیق کی دو صورتیں ممکن ہیں۔

ایک یہ کہ مان لیا جائے کہ اس مہینے مدینہ میں اس پیر کے دن چاند کی ۱۲ تاریخ ہی مانی گئی تھی۔ آخر اس زمانے میں بھی تو ہم دیکھتے ہیں کہ مکی اور پاکستان کی قمری تاریخوں میں اکثر ایک دن کبھی دو دن کا فرق ہوتا ہی ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ یہ مان لیا جائے کہ ممکن ہے کہ وہاں صورتحال یہ رہی ہو کہ ۱۲ ربیع الاول کو وفات اور اگلے دن پیر کو تدفین ہوئی ہو اور اس طرح ۱۲ ربیع الاول پیر کا دن مشہور ہو گیا ہو۔ بہرحال ۱۲ ربیع الاول پیر کا دن ۸ جون ۶۳۲ء پر سب کا اتفاق ہے۔ اگرچہ از روئے تقویمی حساب اور رویت ہلال کے مطابق اس پیر کے دن ۱۳ ربیع الاول اور ۸ جون تھی۔ (ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۱۰۳)

۱۶۔ سورج گرہن ۶ ھ | علمائے تاریخ کا بیان ہے کہ صلح حدیبیہ کے سال ایک سورج گرہن بھی ہوا تھا۔ از روئے حساب قمری ہجری اسی مہینہ میں اتوار ۲۹ ذی قعدہ ۶ ھ کو بمطابق ۱۰ اپریل ۶۲۸ء صبح ۳ بجکر ۴۱ منٹ پر مکہ کے وقت کے مطابق ایک سورج گرہن ہوا ہو گا۔ (صفحہ ۹۸)

۱۷۔ حج زیر امارت حضرت ابوبکر صدیقؓ | حج کے لئے روانگی کی تاریخ ذی قعدہ ۹ ھ بیان کی گئی ہے یہ حج غزوہ تبوک کے صرف ایک ماہ پہلے ہوا تھا قمری ہجری تقویم کے مطابق اسلامی طریقے پر پہلا حج حضرت ابوبکر کی امارت میں ۹ ذی الحجہ ۹ ھ مارچ ۶۳۱ء میں ہوا۔ (دیکھئے صفحہ ۱۰۱) یہاں پر یہ بتانا ضروری ہے کہ سن ۸ ھ ۹ ھ سن ۱۰ ھ کے دوران قمری ہجری تقویم اور مکی قمری شمسی ربیعی تقویم میں صرف ایک مہینہ کا فرق چل رہا تھا اس طرح کہ جس دن مکی تقویم کا ذی الحجہ ختم ہوتا تھا اس سے اگلے دن ہجری تقویم کا ذی الحجہ شروع ہوتا تھا اور یہ کہ یکم محرم ۱۱ ھ سے یہ ایک مہینہ کا فرق بھی ختم ہو کر مکی ربیعی تقویم مدنی ہجری تقویم میں ضم ہو گئی تھی یعنی پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہمیشہ کے لئے منسوخ ہو گئی تھی جیسا کہ صفحات ۱۰۰۔۱۰۱۔۱۰۲ پر غور کرنے سے معلوم ہوگا۔

۱۸۔ حجۃ الوداع | ذیقعدہ ۱۰ ھ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حج کا ارادہ فرمایا جس کو حجۃ الوداع کہا جاتا ہے ابن سعد کا بیان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۲۵ ذیقعدہ کو ہفتہ کے دن مدینہ سے روانہ ہوئے تھے۔ (صفحہ ۱۰۲) یہ تاریخ صحیح ہے اس تاریخ کو ہفتہ کا ہی دن تھا از روئے حساب ۱۰ ہجری میں ذی الحجہ کی پہلی اور آٹھ تاریخ کو جمعہ تھا لیکن روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ اس سال حج جمعہ کو ہوا تھا یعنی جمعہ کے دن ۹ تاریخ مانی گئی تھی اس کے یہ معنی ہوئے کہ مکہ معظمہ میں ذیقعدہ ۲۹ دن کا اور یکم ذی الحجہ جمعرات ۲۷ فروری کی قرار دی گئی تھی اور حج اسی حساب سے

ادا کیا گیا تھا یہ ایک دن کا فرق ایسا نہیں جو قمری مہینوں میں کوئی خاص اہمیت رکھتا ہو۔

۱۹۔ ولادت رسول مقبولؐ علامہ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر کی عربی تالیف ''الفصول فی سیرۃ الرسول'' کا اردو ترجمہ ''سیرۃ سرور انبیاء'' جو غلام احمد حریری صاحب نے کیا ہے اس کے صفحہ ۱۷ پر ہے۔

آپ کی ولادت باسعادت بروز سوموار ۲ ربیع الاول کو ہوئی۔ بعض علماء کے نزدیک ۸ ربیع الاول یا دس یا ۱۲ ربیع الاول کو ہوئی زبیر بن بکار نے لکھا ہے کہ آپ ماہ رمضان میں پیدا ہوئے مگر یہ شاذ قول ہے جس کو سہیلی نے الروض الانف میں تحریر کیا ہے۔

یہ تاریخیں اگر ۵۳ قبل ہجری کی ہیں تو ان میں صرف ۲ ربیع الاول ایک ایسی تاریخ ہے جس کو پیر کا دن تھا۔ اور اگر یہ تاریخیں ۵۵ قبل ہجری کی مان لی جاویں تو ان میں صرف ۱۰ تاریخ ایک ایسی تاریخ ہے کہ اس کو پیر کا دن پڑتا ہے میرے نزدیک یہی تاریخ صحیح ہے۔

علاوہ ازیں مندرجہ بالا اقتباس میں علامہ ابن کثیر نے زبیر بن بکار اور سہیلی اور الروض الانف کے حوالہ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا مہینہ رمضان بھی بتلایا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر علامہ کے سامنے یہ تقویم ہوتی تو آپ رمضان والے قول کو شاذ نہ کہتے اس لئے کہ ۱۰ ربیع الاول ۵۵ پیر قبل ہجری جو میرے حساب سے صحیح تاریخ ولادت نبوی ہے اور اس زمانے کی مروجہ کبی خریفی (قمری شمسی) تقویم کا ۱۰ رمضان ۵۴ پیر ایک ہی دن واقع ہیں۔ (ملاحظہ ہو تقویم ہذا صفحہ ۳۸)

۲۰۔ بعثت نبویؐ علامہ مخدوم محمد ہاشم صاحب سندھیؒ سیرت النبی پر اپنی کتاب ''عہد نبوی کے ماہ و سال'' صفحہ ۳ پر تحریر فرماتے ہیں ''اس سال جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کا اکتالیسواں سال تھا آپ نبوت و رسالت سے سرفراز ہوئے سیرت شامیہ کے مصنف لکھتے ہیں مشہور قول کے مطابق عمر مبارک کے ٹھیک چالیس برس پورے ہوئے تو آپ کو منصب رسالت پر فائز کیا گیا اس مشہور قول پر علماء کا اتفاق ہے اور یہی صحیح ہے اگرچہ بعض نے ایک دن بعض نے دس دن اور بعض نے دو ماہ بعد کا قول بھی نقل کیا ہے زرقانی شرح مواجب میں فرماتے ہیں پہلا قول ہی درست اور صحیح ہے اور یہ حضرت عباس اور حضرت انس رضی اللہ عنہما سے صحیحین میں مروی ہے۔ بعثت نبوی ماہ ربیع الاول میں ہوئی یا رمضان المبارک میں علماء کے دو قول ہیں۔ ''صحیح اور مشہور قول اول ہے''۔

ہجرت سے قبل کے واقعات کی متعین طور پر تاریخیں نہیں ملتی ہیں۔ علامہ کے بیان سے بس اتنا پتہ چلتا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک بعثت سے ایک دن قبل پورے چالیس سال ہو چکی تھی۔

۱) اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ولادت باسعادت ۱۰ ربیع الاول ۵۵ قبل ہجری ہے جیسا کہ اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے تو سادہ قمری ہجری کے مطابق ۸ ربیع الاول ہفتہ ۱۵ قبل ہجری کو چالیس سال ہوئے تھے ۲ مارچ ۶۰۸ء۔ (دیکھئے صفحہ نمبر ۷۸)

۲) کبی خریفی (قمری شمسی) تقویم کے حساب سے ۱۰ رمضان ۱۴ قبل ہجری منگل کو پورے چالیس ہوتے ہیں۔ (۲۰ مئی ۶۰۹ء) اور اگلا

دن آپکی نبوت کا پہلا دن تھا۔ (دیکھئے صفحہ ۷۹)

۳) مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم کے حساب سے ۹ ربیع الاول ۱۴ ارق ھ پیر کو پورے چالیس سال ہوتے ہیں۔ (۱۹ ارمئی ۶۰۹ء)۔ (دیکھئے صفحہ ۷۹)

۴) اور اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ولادت ۸ ربیع الاول ۵۳ قبل ہجری مانی جائے تو ۸ ربیع الاول پیر ۱۳ قبل ہجری کو پورے چالیس سال ہوتے ہیں (بمطابق ۹ فروری ۶۱۰ء پیر) علامہ سید سلیمان منصور پوری نے یہی تاریخ بتائی ہے۔ (دیکھئے صفحہ ۸۰)

۲۱۔ معراج علامہ محمد ہاشم صاحب ٹھٹوی معراج کی تاریخ بیان کرتے ہوئے عہد نبوت کے ماہ وسال میں صفحہ ۳۵ پر لکھتے ہیں "۲۷ رجب ہفتہ یا پیر کی رات کو ایک قول کے مطابق رمضان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی۔ اب اس تقویم کے صفحہ ۸۰ پر غور فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ ہجرت سے تقریباً ۱۹ مہینے قبل ۲۷ رجب مکی (قمری شمسی) اور ۲۷ رمضان ۲ قبل ہجری یہ دونوں تاریخیں اتوار کے دن ۲۶ راپریل ۶۲۱ء پر واقع ہیں صاف معلوم ہوتا ہے کہ ۲۷ رجب مکی تقویم کے مطابق محفوظ کی گئی ہے اور کسی دوسرے راوی نے ۲۷ رمضان قمری ہجری تقویم کے مطابق محفوظ کی ہے اس لئے کہ ۲ قبل ہجری میں مکی رجب اور مدنی رمضان متوازی چل رہے تھے اور یہ دونوں مہینے ۳۱ مارچ اتوار ۶۲۱ء سے شروع ہوئے تھے۔ لیکن قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے رحمتہ العالمین جلد سوم صفحہ ۱۴۸ پر اس تاریخ کے ۲ مہینے قبل ۲۷ رجب ۵۲ میلادی ۲۵ فروری ۶۲۱ء بدھ بتائی ہے۔ (دیکھئے صفحہ ۹۱)

۲۲۔ غزوہ بطلب کرز بن جابر الفہری ایک غزوہ غزوہ بطلب کرز بن جابر الفہری کے نام سے مشہور ہے ابن حبیب نے اس کی تاریخ ۱۲ جمادی الاخر ۲ھ بیان کی ہے ہجری تقویم کے بموجب یکم جمادی الاخر ۲ھ کو بدھ تھا اس اعتبار سے ۱۲ جمادی الاخر کو اتوار آتا ہے مطابق ۱۱ دسمبر ۶۲۳ء مگر جیسا کہ سب جانتے ہیں قمری مہینوں میں ایک روزہ فرق کی کوئی اہمیت نہیں اور ابن حبیب کی صراحت صحیح معلوم ہوتی ہے اکثر مورخین اور واقدی نے یہی واقعہ ربیع الاول ۲ھ کا قرار دیا ہے دراصل یہ دونوں مہینے متبادل ہیں جمادی الاخر مدنی ہے اور ربیع الاوّل مکی ہے یہ دونوں مہینے ۳۰ نومبر ۶۲۳ء بدھ سے شروع ہوئے تھے۔ (دیکھئے تقویم ہذا صفحہ ۹۴) اس کو غزوہ سفوان یا غزوہ بدر الاولیٰ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

۲۳۔ نکاح حضرت فاطمہ طبری نے اس کی تاریخ آخری صفر بیان کی ہے جو غالباً ہجری مدنی روایت ہے جبکہ علمائے شیعہ یکم ذی الحجہ پر متفق ہیں جو کہ مکی ریکارڈ معلوم ہوتا ہے تقویم ہذا (صفحہ ۹۵) پر نظر ڈالنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یکم ذی الحجہ مکی خریفی ۲ھ ۳۰ صفر مدنی ۳ھ سے متصل ہے۔

۲۴۔غزوۂ ذوامر یا غزوۂ بنو غطفان ابن اسحاق کے بیان کے مطابق یہ واقعہ اواخر ذی الحجہ ۲ھ کا ہے جبکہ واقدی کے نزدیک یہ ربیع الاول ۳ھ کا واقعہ ہے۔تقویم پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ یہ دونوں مہینے متبادل ہیں۔(ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۹۵) ربیع الاوّل ہجری مدنی ہے جبکہ ذی الحجہ مکی تقویم کے مطابق ہے یہ دونوں مہینے بدھ ۲۲ راگست ۶۲۴ء سے شروع ہوئے تھے۔(نقش سیرت مولفہ نثار احمد صفحہ ۲۲۶ کے مطابق) اس موقع پر دشمن سے مڈبھیڑ نہیں ہوئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دس دن باہر رہ کر جمعرات ۲۴ ربیع الاوّل ۳ھ مطابق ۱۳ ستمبر ۶۲۴ء کو مدینہ واپس تشریف لائے۔

۲۵۔سریہ زید بن حارثہ اس مہم کے متعلق ابن اسحاق کی تشریح یہ ہے کہ یہ واقعہ غزوہ بدر سے چھ ماہ بعد کا ہے یعنی ربیع الاوّل ۳ھ کا بخلاف اس کے واقدی ابن سعد نے اس کو جمادی الاخر کا واقعہ قرار دیا ہے (تقویم صفحہ ۹۵ پر نظر ڈالئے) ربیع الاوّل ۳ھ مکی خریفی ہے اور جمادی الاخر ۳ھ مدنی ہے اور یہ دونوں مہینے متبادل ہیں ۱۸ رنومبر ۶۲۴ء سے شروع ہوئے روایات سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ واقعہ موسم سرما کا ہے چنانچہ مذکورہ مہینے نومبر دسمبر کے مطابق ہیں۔

۲۶۔معرکہ احد اس واقعہ کی تاریخ ۱۱ رشوال ۳ھ بیان کی گئی ہے اور ہفتہ کے دن پر سب کا اتفاق ہے اگر ہم اس ۱۱ شوال کو مدنی ہجری تقویم میں دیکھیں تو بجائے ہفتہ کے بدھ کا دن ملتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ تاریخ مدنی ہجری تقویم کے مطابق نہیں ہے البتہ اگر ہم اس تاریخ کو مکی تقویم (صفحہ ۹۶) میں دیکھیں تو ۱۱ شوال ۳ھ کو اتوار کا دن ملتا ہے جبکہ روایت میں ہفتہ کا دن ہے۔یہ ایک دن کا فرق ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ تاریخ مکی خریفی تقویم کے مطابق ریکارڈ کی گئی ہے۔

واقدی کے بموجب یہ واقعہ محرم ۴ھ کا ہے اسکو ہجری مدنی تقویم کے مطابق سمجھئے اور شوال ۳ھ کو مکی تقویم کے مطابق اور شوال کو اتوار ۲۳ رجون ہے۔یہ دونوں مہینے ۱۳ جون ۶۲۵ کو شروع ہوئے تھے (دیکھئے صفحہ ۹۶)

۲۷۔غزوہ حمراء الاسد معرکہ احد اور غزوہ حمراء الاسد شوال ۳ھ کے واقعات ہیں واقدی کی روایت میں محرم ہے حالانکہ بلا استثناء تمام علمائے سلام کا اتفاق ہے کہ دونوں غزوے معرکہ احد اور غزوہ حمراء الاسد شوال ۳ھ کے واقعات ہیں ایک دن کے آگے پیچھے سے تقویمی جدول پر نظر ڈالئے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں مہینے محرم اور شوال متوازی تھے شوال مکی تقویم کے مطابق ۳ھ میں اور محرم مدنی ہجری تقویم کیمطابق ۴ھ میں تھے یہ دونوں مہینے ۱۳ جون ۶۲۵ کو شروع ہوئے تھے۔(صفحہ ۹۶)

۲۸۔غزوۂ بدر الموعد یا غزوۂ بدر ثالث ۴ھ کی ایک دوسری مہم غزوہ بدر الموعد کے نام سے مشہور ہے جس کی تاریخ جمرات

یکم شعبان بیان کی گئی ہے لیکن ازروئے حساب اگر یہ یکم شعبان ہجری مدنی ہے تو جمعرات کا دن مطابقت نہیں کرتا البتہ اگر کی خریفی تقویم پر دیکھا جائے تو یکم شعبان کو جمعہ ہے یعنی ایک دن کا فرق ہے جو جائز ہے۔ اس لئے یہ تاریخ بھی کی تقویم کے مطابق صحیح معلوم ہوتی ہے۔ واقدی اور ابن سعد کا بیان ہے کہ یہ واقعہ یکم ذی قعدہ کا ہے دراصل یہ دونوں مہینے ہجری اور کی خریفی تقویم کے ہیں اور متبادل اور ہم زمانہ ہیں (ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۹۶) ذی قعدہ ۴ھ مدنی ہجری ہے اور شعبان ۴ھ خریفی کی ہے یہ دونوں مہینے ۴ اپریل ۶۲۶ء کو شروع ہوئے۔ نقش سیرت کے مطابق اس غزوہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً ۴ دن مدینہ سے باہر رہے اور ۱۲ یا ۱۳ ذی قعدہ ۴ھ کو مدینہ واپس تشریف لائے۔ (دیکھئے صفحہ ۴۴۳)

۲۹۔ غزوہ ذات الرقاع ابن حبیب نے اس غزوے کی تاریخ تفصیل سے بتائی ہے۔ پیر کا دن ۱۰ جمادی الاول ۵ھ ہجری۔ بخلاف اسکے واقدی اور ابن سعد نے اس کو ۱۰ محرم ۵ھ کا واقعہ قرار دیا ہے اس تقویم کا صفحہ ۹۷ دیکھیے کی محرم کا متوازی مدنی ہجری مہینہ جمادی الاول ملے گا یہ دونوں مہینے ۲۸ ستمبر اتوار ۶۲۶ء سے شروع ہوئے ہیں۔ (پیر کے بجائے منگل کا دن یعنی ایک دن کا فرق نا قابل التفات ہے) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ۲۵ دن بعد ۲۵ محرم ۵ھ کو مدینہ مراجعت فرمائی (نقش سیرت صفحہ ۴۴۴)

۳۰۔ غزوہ خیبر امام مالک ابن حزم ابن اسحاق امام بخاری اور ان کے بعد کے جملہ مصنفین کے نزدیک غزوہ خیبر کا زمانہ آخر ۶ھ یا اوائل ۷ھ ہے بالفاظ دیگر ذی الحجہ ۶ھ یا محرم ۷ھ میں یہ مہم شروع ہوئی تھی بخلاف اس کے واقدی اور ابن سعد نے یہ صراحت کی ہے کہ یہ واقعہ جمادی الاول ۷ھ کا ہے گویا ۷ھ کے تقریباً وسط کا جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس غزوے کے متعلق بھی دو ابتدائی دستاویزیں موجود تھیں جن میں سے ایک امام مالک اور ابن اسحاق کا ماخذ تھی اور دوسری واقدی کا تقویم پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ ۶ھ کا کی ذی الحجہ اور ۷ھ کا مدنی جمادی الاول دونوں ساتھ ساتھ چل رہے تھے اور دونوں کی ابتداء ۶ ستمبر ۶۲۸ء کو ہوئی تھی اس بناء پر دونوں آئمہ سیرت کی دستاویزیں ایک ہی زمانے کی طرف اشارہ کر رہی ہیں۔ (ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۹۹)

۳۱۔ آنحضرت کے صاحبزادہ ابراہیم کی تاریخ رحلت بیان کیا جاتا ہے کہ ان کی رحلت کا واقعہ ربیع الاول یا ربیع الاخر سنہ ۱۰ کا ہے روایت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان کی پیدائش ذی الحجہ ۸ھ میں کسی تاریخ کو ہوئی تھی صحاح کی ایک روایت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ ۱۷ یا ۱۸ مہینے زندہ رہے تھے یہ روایت بھی ملتی ہے کہ جس روز ان کا انتقال ہوا اسی روز سورج کو گرھن لگا تھا اور یہ بھی معلوم ہے کہ یہ سورج گرھن ۲۷ جنوری ۶۳۲ء کو ۱۱ بجکر ۴۳ منٹ پر ہوا تھا (پاکستانی وقت)

علامہ صفی الرحمٰن مبارک پوری نے سیرت پر اپنی کتاب الرحیق المختوم صفحہ ۵۱۰ پر صاحبزادہ کی وفات کی تاریخ ۲۸ یا ۲۹ شوال مطابق ۲۷ جنوری ۶۳۲ء بتائی ہے اس تاریخ کے متعلق اتنا اور عرض کرنا ہے کہ ہماری اس تقویم کے مطابق مدنی ہجری ۲۸ شوال پیر، ۲۷ جنوری ۶۳۲ء سے کی

خریفی جبکہ شوال الآخر کی ۲۸ سے مطابقت رکھتی ہے۔ گویا دونوں تقویموں سے دونوں مہینے متوازی تھے جو ۳۱ دسمبر منگل کو شروع ہوئے تھے۔ (ملاحظہ ہو صفحہ ۱۰۲)

۳۲۔ قتل ابوعفک یہودی ایک شاتم رسول یہودی کو جس کا نام ابوعفک تھا کسی مسلمان نے شوال ۲ھ میں قتل کر دیا اس واقعہ کی تفصیلات سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ واقعہ شدید موسم گرما کا تھا اور مکی خریفی تقویم کی رو سے شوال ۲ھ جون جولائی ۶۲۴ء سے مطابق ہوتا ہے اس لئے یہ تاریخ مکی خریفی تقویم کی معلوم ہوتی ہے۔ (ملاحظہ ہو صفحہ ۹۵) اس کی مطابقت ہجری مدنی تقویم کے محرم ۳ھ سے ہوتی ہے۔

۳۳۔ غزوہ تبوک اس غزوے کی تاریخ روانگی متفقہ طور پر رجب ۹ھ اور واپسی رمضان یا شوال ۹ھ بیان کی جاتی ہے۔ اس غزوے کا موسم گرم تھا اصح السیر صفحہ ۳۶۵ پر ہے کہ گرمی اور دھوپ کی ایسی شدت تھی کہ کوئی شخص باہر نہیں نکل سکتا تھا ۹ھ میں موسم گرما میں آنے والا رجب مکی خریفی ہی ہوسکتا ہے جو اپریل مئی سے مطابق ہوتا ہے۔ اور رمضان شوال کی واپسی (مکی خریفی تقویم کے لحاظ سے مئی جون) سے مطابقت رکھتی ہے۔

قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ جب پیغمبر السلام نے مسلمانوں کو اس غزوے پر چلنے کی ترغیب دی تو منافقین نے بہکانا شروع کیا اور کہا کہ اس شدید گرمی میں نہ نکلو (لاتنفروا فی الحر) اس کا جواب یہ دیا گیا کہ جہنم کی آگ تو سب سے بڑھ کر گرم ہے۔ (قل نار جهنم اشد حرا) مگر جب ان موسمی صراحتوں کا ہجری تقویم سے تطابق کیجئے تو رجب ۹ھ ہجری اکتوبر نومبر ۶۳۰ء سے مطابق ہوتا ہے اور رمضان شوال کے مہینے جن میں مسلمان فوج واپس آئی تھی دسمبر جنوری اور فروری سے مطابقت کرتے ہیں۔ ابن حبیب نے اس غزوے کی تاریخ روانگی دوشنبہ یکم رجب بیان کی ہے تقویمی حساب سے یکم رجب کو منگل آتا ہے۔ ان حالات میں اس تاریخ کو قمری ہجری ثابت کرنے میں موسمی مطابقت سے تائید نہیں ہوتی چنانچہ اس غزوہ کی مکی خریفی تقویم سے مناسبت نمایاں ہے۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے تقویم ہذا کا صفحہ نمبر ۱۰۱)

بازگشت گذشتہ صفحات میں بطور مثال تقریباً ۳۳ ایسے واقعات کا تقویمی جائزہ لیا گیا ہے جن میں سے ہر ایک کی مطابقت رائج الوقت تقاویم میں تلاش کر کے دکھائی گئی ہے۔

۱) ان میں سے متعدد واقعات کی تاریخیں دریافت شدہ مکی خریفی تقویم کے مطابق محفوظ کی ہوئی معلوم ہوتی ہیں مثلاً اگر کسی روایت میں کسی واقعہ کی تاریخ مثلاً ۱۲ ربیع الاول ہے اور اس تاریخ کو روایات میں پیر کا دن بتایا گیا ہے اور ہم اس تاریخ کو قمری ہجری تقویم میں دیکھتے ہیں اور اس میں ۱۲ ربیع الاول کو پیر کا دن نہیں ملتا بلکہ جمعہ یا کوئی اور دن ملتا ہے لیکن جب اس تاریخ کو اپنی مجوزہ مکی خریفی تقویم میں دیکھتے ہیں تو ۱۲ ربیع الاول کو ٹھیک پیر کا دن ہی ملتا ہے جو روایت کے عین مطابق ہے اس کا سوائے اس کے اور کیا مطلب ہوسکتا ہے کہ یہ اور ایسی دوسری بہت سی تاریخیں عہد

نبوی میں کسی ایسی تقویم کے مطابق محفوظ کی گئی تھیں جیسی اس کتاب میں مکی قمری شمسی خریفی تقویم کے نام سے وضع کی گئی ہے۔

۲) اسی طرح مذکورہ بالا میں سے متعدد واقعات کی تاریخیں موجود قمری ہجری تقویم کے مطابق محفوظ کی ہوئی معلوم ہوتی ہیں اس لئے کہ ان تاریخوں کا ان روایات میں جو دن بتایا گیا ہے وہ ہجری تقویم کے مطابق صحیح ملتا ہے اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ عہد رسالت میں موجودہ ہجری تقویم بھی زیر استعمال تھی۔

۳) کچھ واقعات ایسے ہیں جن کی تاریخیں متوازی ہیں یعنی کسی واقعے کی تاریخ ایک راوی نے مکی خریفی تقویم کے مطابق بیان کی جبکہ اسی واقعہ کی تاریخ کسی دوسرے راوی نے قمری ہجری تقویم کے مطابق بیان کی اگر ان دونوں تاریخوں کو جو بظاہر مختلف ہیں عیسوی حساب میں تبدیل کر کے اس تقویم کی جدولوں پر دیکھتے ہیں تو بالکل ایک ہی زمانہ متعین ہوتا ہے۔

۴) مزید چند واقعات کی تاریخیں ایسی ہیں کہ ان واقعات کا روایت میں جو موسم بتایا گیا ہے وہ واقعہ مکی تقویم کے مطابق تو ضرور اسی موسم میں ہوا ہوگا لیکن قمری ہجری تقویم کی مطابقت اس موسم سے نہیں ہوسکتیں یا اس کے برعکس صورت حال بھی ممکن ہے۔

ان تمام مذکورہ واقعات میں سے اکثر وبیشتر واقعات اس بات کو تقویت پہنچاتے ہیں کہ عہد نبوی میں ایک ایسی تقویم موجود و مستعمل تھی جیسی کہ کتاب ھذا میں مکی خریفی (قمری شمسی) کے نام سے وضع کی گئی ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اس کے متعلق بالکل صحیح طور پر یہ معلوم کرنا ممکن نہیں ہے کہ اس میں نسی کا مہینہ کب کب لگایا گیا تھا۔

(قمری شمسی) مکی خریفی اور مکی ربیعی تقاویم کا فرق

بحوالہ حیات سرور کائنات علیہ الصلوۃ والتحیات

مکی قمری شمسی خریفی تقویم کا سال ۲۲ ستمبر سے متصل نئے چاند سے اور مکی ربیعی تقویم کا سال ۲۱ مارچ سے متصل نئے چاند سے شروع ہوتا تھا ہر تیسرے کبھی دوسرے سال ایک ماہ کا اضافہ کر کے قمری سالوں کو شمسی سالوں کے برابر کر لیتے تھے میرے ہمعصر مولوی اسحاق النبی علوی ربیعی تقویم کے قائل نہ تھے۔ اور اس معاملہ میں ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی رائے سے بھی اختلاف کرتے رہے۔ عرض یہ ہے کہ مکی ربیعی تقویم کا نظریہ میں نے محترم ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے ایک انگریزی مقالے سے اخذ کیا ہے تقاویم البتہ میں نے خود ترتیب دی ہیں۔ یہاں اس موقع پر علوی صاحب کے ایک بیان کا تجزیہ کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے جس کے مطابق علوی صاحب لکھتے ہیں کہ:

''اگر یہ خیال صحیح ہے کہ مکی تقویم ہمیشہ اعتدال خریفی سے شروع ہوتی تھی اور اگر یہ روایتیں غلط نہیں کہ عہد رسالت میں صوم عاشورہ ہمیشہ محرم میں رکھا جاتا تھا جو یہودیوں کے یوم عاشورہ سے صرف ایک دن آگے یا پیچھے ہوتا تھا تو یہ امر بالکل ناممکن ہے کہ ۱۱ھ میں مکہ اور مدینہ کی تقویموں کے ایام وشہور مشترک ہوگئے تھے''۔ علوی صاحب کا یہ قول بلاشبہ اس صورت میں درست ہوسکتا ہے جبکہ ہجری تقویم کے مقابلہ پر مکی خریفی (قمری شمسی) تقویم کو رکھا جائے اگر قمری ہجری تقویم کے مقابلے پر اس دوسری تقویم کو رکھا جائے جس کو خاکسار نے مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم کے نام سے متعارف کرایا ہے اور جو ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے نظریہ تقویم سے ماخوذ ہے۔ تو معلوم یہ ہوگا کہ مکی ربیعی تقویم کے ایام وشہور میرے حساب کے مطابق محرم ۱۱ھ میں ضرور مدنی قمری ہجری تقویم کے متوازی اور مشترک ہوگئے تھے۔ (ملاحظہ ہو اس تقویم کے صفحات ۱۰۳۔۱۰۴۔۱۰۵۔۱۰۶۔)

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ زمانہ قدیم میں بعض قوموں کے تقویمی سال کا آغاز نقطہ اعتدال خریفی یعنی ۲۲ ستمبر سے متصل نئے چاند سے ہوتا تھا اور بعض کا نقطہ اعتدال ربیعی ۲۱ مارچ سے متصل نئے چاند سے ہوتا تھا اس کتاب میں یہ دونوں تقاویم اس خاکسار نے پورے عرصہ حیات نبوی پر محیط ہجری تقویم اور عیسوی کیلنڈر کے ساتھ ساتھ دکھلائی ہیں۔ (صفحہ ۳۶ تا ۱۰۵) جس تقویم کے سال کا آغاز اعتدال خریفی سے ہوتا تھا اس مکی قمری شمسی خریفی تقویم کی اہمیت خصوصیت اور افادیت یہ ہے کہ عہد نبوی کی بہت سی تاریخیں جو روایات میں بیان ہوئی ہیں اس تقویم کی ترتیب پر صحیح بیٹھتی ہیں جیسا کہ گزشتہ صفحات میں مثالوں سے واضح ہوا۔ اس لئے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ اسی قسم کی یا اس سے ملتی جلتی تقویم (مکی خریفی قمری شمسی تقویم) اسوقت مکہ معظمہ اور اس کے مضافات میں مروج ومتداول رہی ہوگی۔

رہی دوسری صورت یعنی اعتدال ربیعی سے شروع ہونے والی تقویم تو ظاہر ہے کہ چونکہ ان دونوں تقویموں کے آغاز میں چھ ماہ کا فصل ہے اس لئے جو تاریخیں درج بالا مکی خریفی تقویم پر صحیح ثابت ہوچکی ہیں وہ ربیعی ترتیب پر ظاہر ہے غلط نظر آئیں گی۔ اس لئے یہ کہنا تو صحیح نہ ہوگا کہ اس طرز کی کوئی مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم مکہ میں یا مدینہ میں عام طور پر رائج اور مستعمل تھی لیکن پھر بھی ہمیں اس ترتیب میں یعنی مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم کے حوالہ سے کئی باتیں قابل غور، اہم اور معنی خیز نظر آتی ہیں چنانچہ:۔

اوّل یہ کہ سادہ قمری ہجری تقویم کے مطابق ۱۱ھ کا محرم اور مذکورہ مکی ربیعی تقویم کی ترتیب کے مطابق ۱۱ھ کا محرم یہ دونوں اپنے وقت میں متوازی اور ہم زمانہ ہو گئے تھے بہ الفاظ دیگر مذکورہ بالا دونوں تقویمیں اپنا ۳۳ سالہ دور پورا کرتے ہوئے (۳ سال کے لئے) ۲۹ مارچ اتوار ۶۳۲ء کو ایک ہو گئی تھیں۔ (ملاحظہ کریں اس تقویم کا صفحہ ۱۰۳۔۱۰۴۔۱۰۵) اور ایکدوسرے سے متوازی چل رہی تھیں۔ اور غالباً اسی صورت حال کو دیکھتے ہوئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا ان الزمان قد استدار کھیئۃ یوم خلق اللہ السمٰوٰت والارض مد زمانہ گھوم کر اسی روز جیسی حالت پر آ گیا ہے جس روز اللہ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا تھا۔

دوسرے یہ کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا اگر یہ مطلب اخذ کیا جائے تو شاید غلط نہ ہوگا کہ حضور کو ان دونوں تقویموں کا زمانی وجود انکی ترتیب اور ایک خاص مدت کے بعد ایک خاص مدت کے لئے ان کے ہم نام مہینوں کا مشترک ومتوازی ہو جانا معلوم تھا اور اس طرح گویا اس تقویم کے امکانی وجود کو بصیر پیغمبری کی تائید حاصل ہو رہی تھی۔

تیسری اہم اور قابل غور بات یہ ہے کہ اگر ہم مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ولادت باسعادت معلوم کرنا چاہیں تو حضور کی تاریخ وفات (۸ جون ۶۳۲ء پیر ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ) سے بقدر عرصہ حیات نبوی یعنی مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم کے ۶۳ سال اور ۴ دن اس مدت کے (۲۳۰۲۸ دن ہوتے ہیں) ماضی کی طرف پیچھے لوٹ جاویں تو مکی ربیعی (قمری شمسی) کے ۵۳ ویں سال میں۔ قمری قبل ہجری کے ۵۵ ویں سال میں۔ سن عیسوی کے ۵۶۹ ویں سال میں ولادت کی ٹھیک وہی تاریخ ملتی ہے جو احادیث مبارکہ میں بیان ہوئی ہے یعنی مہینہ ربیع الاول تاریخ ۱۰ پیر ۵۵ قبل ہجری (دوشنبہ) بمطابق ۱۳ مئی ۵۶۹ء۔ (ملاحظہ ہو تقویم کا ہذا صفحہ ۳۸)

علامہ محمود پاشا مصری نے جو ۹ تاریخ ربیع الاول پیر ۵۳ قبل ہجری مطابق ۲۰ اپریل ۵۷۱ء بتائی ہے اس پر ایک اعتراض تو یہ ہو سکتا ہے کہ یہ ۹ تاریخ حدیث میں واردشدہ نہیں ہے جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے۔ اس ۹ تاریخ کو علامہ موصوف نے غالباً اس لئے اختیار کیا ہے کہ احادیث مبارکہ میں واردشدہ مختلف تاریخوں میں سے کسی تاریخ سے نزدیک تر ایک ایسی تاریخ ہے جس پر رویت ہلال کے مطابق پیر کا دن پڑتا ہے۔ دوسرا اعتراض یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حیات طیبہ قمری ۶۳ سال اور چھ دن جو ۲۰ اپریل ۵۷۱ء سے ۸ جون ۶۳۲ء تک ہے یہ تو خالص قمری ہجری کے مطابق ہے اور اس زمانے میں ظاہر ہے قمری قبل ہجری تقویم کا رواج نہ تھا اس لئے ہم کو اس مقصد کیلئے اس مکی تقویم کی رعایت رکھنا چاہیئے جو اس زمانے میں ممکنہ طور پر وہاں مروج اور مستعمل تھی چنانچہ اگر مکی ربیعی (قمری شمسی) تقویم کے مطابق جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ۶۳ سال اور ۴ دن جس کے نسی والے حساب سے ۲۳۰۲۸ دن ہوتے ہیں تاریخ وفات سے ماضی کی طرف پیچھے ہٹ جاویں تو احادیث میں واردشدہ تاریخوں میں سے ایک تاریخ یعنی ۱۰ ربیع الاول پیر کا دن ۵۵ قبل ہجری پر پہونچ جاتے ہیں اس تاریخ کے تمام اشارات تاریخ دن مہینہ بدرجہ اولیٰ احادیث کے قریب ترین ہیں نیز اس پر وہ دو اعتراضات جو اوپر بیان ہوئے وہ بھی اس تاریخ پر وارد نہیں ہوتے۔

احادیث مبارکہ اور سیرت مبارکہ کی کتابوں میں تاریخ ولادت کی جو اطلاع ملتی ہے وہ عام الفیل کے حوالہ سے ہے اور یہ بات طے نہیں ہے کہ ابرھہ کا کعبۃ اللہ پر حملہ ۵۶۹ عیسوی کا واقعہ ہے یا ۵۷۰ عیسوی کا یا ۵۷۱ عیسوی کا تاریخ کی کتابوں میں یہ تینوں سنہ ملتے ہیں۔ اسی طرح

احادیث مبارکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارک ۶۳ سال بھی بتلائی گئی ہی اور ۶۵ سال بھی (مسلم جلد ۶ صفحہ ۱۵)

از روئے حساب حیات مبارک ۶۳ قمری سال کا مطلب یہ ہوا کہ حضور کا سال ولادت ۵۷۱ء ہے اور حیات مبارک ۶۵ سال کا مطلب یہ ہوا کہ حضور کا سال ولادت ۵۶۹ء ہے۔ اس صورت میں جبکہ سال پیدائش ۵۷۱ء ہو تاریخ ولادت ۹ ربیع الاول ۵۳ قبل ہجری مطابق ۲۰ اپریل ۵۷۱ء پیر اور اس صورت میں جبکہ حضور کا سال ولادت ۵۶۹ء ہو تاریخ ولادت ۱۰ ربیع الاول پیر ۵۵ قبل ہجری مطابق ۱۳ مئی ۵۶۹ء اور میرے نزدیک یہی تاریخ صحیح ہے۔

پہلے عرض کیا گیا کہ احادیث مبارکہ میں حضور کی عمر مبارک ۶۳ سال بھی بیان ہوئی ہے اور ۶۵ سال بھی یہ دونوں مدتیں مختلف اور متضاد نہیں ہیں بلکہ ۶۳ سال کی قمری شمسی حساب سے ہے اور ۶۵ سال قمری قبل ہجری حساب سے ہے۔ ۶۳ سال اور چار دن کی ربیعی (قمری شمسی) کے حساب سے بھی ۲۳۰۳۸ دن ہوتے ہیں اور ۶۵ سال اور چار دن قمری قبل ہجری کے حساب سے بھی ۲۳۰۳۸ دن ہوتے ہیں اگر تاریخ وفات ۸ جون ۶۳۲ء سے اتنے دن پیچھے ہٹ جاویں تو دونوں حسابوں سے ایک ہی دن اور ایک ہی تاریخ متعین ہوتی ہے یعنی ۱۰ ربیع الاول ۵۵ قبل ہجری پیر مطابق ۱۰ ربیع الاول پیر ۵۳ کی ربیعی (قمری شمسی)۔ مطابق ۱۰ رمضان ۵۴ کی خریفی (قمری شمسی)۔ ایک حدیث میں حضور کی ولادت ماہ رمضان میں بتائی گئی ہے جو ہماری تقویم سے مطابقت رکھتی ہے۔ (دیکھئے تقویم کا صفحہ ۳۸)۔ علامہ قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے اپنی گراں مایہ کتاب "رحمتہ اللعالمین" جلد اول صفحہ ۴۲ پر لکھا ہے۔

> "تاریخ ولادت میں مورخین نے اختلاف کیا ہے طبری و ابن خلدون نے [1] ۱۰ ربیع الاول لکھی ہے مگر سب کا اتفاق ہے کہ دوشنبہ کا دن ۹ ربیع الاول کے سوائے کسی اور تاریخ سے مطابقت نہیں کرتا اس لئے ۹ ربیع الاول ہی صحیح ہے۔ تاریخ دول العرب والاسلام میں محمد طلعت عرب نے بھی ۹ تاریخ کو ہی صحیح قرار دیا ہے۔"

اس سلسلہ میں مولانا سید ابوالاعلےٰ مودودی نے اپنی کتاب "سیرت سرور عالم" میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے اگر چہ اس سے بھی سال کی تعیین نہیں ہوتی تاہم فائدے سے خالی نہیں لکھتے ہیں:۔

> "محدثین اور مورخین کا اس بات پر قریب قریب اتفاق ہے کہ اصحاب فیل کا واقعہ (یعنی مکہ پر ابرہہ کا حملہ) محرم میں پیش آیا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش ربیع الاول میں ہوئی ولادت پیر کے روز ہوئی تھی یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کے سوال پر بیان فرمائی (صحیح مسلم براویت قتادہ) ربیع الاول کی تاریخ کونسی تھی؟ اس میں اختلاف ہے لیکن ابن ابی شیبہ نے حضرت عبداللہ بن عباس اور

---

[1] ۔ تاریخ ۱۰ ربیع الاول اگر ۵۳ قبل ہجری کی ہے تو اس تاریخ کو بے شک پیر کا دن نہیں پڑتا۔ اگر ۵۵ قبل ہجری کی ہے تو اس کو ضرور پیر کا دن ہے۔ میرے حساب سے یہی تاریخ صحیح ہے۔ (دیکھئے تقویم کا صفحہ ۳۸)

حضرت جابر بن عبداللہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ آپ ۱۲ ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے تھے [۱] اس کی تصریح محمد بن اسحاق نے کی ہے اور جمہور اہل علم میں یہی تاریخ مشہور ہے۔ واقعہ فیل اور حضور کی پیدائش میں فصل کتنا تھا اس میں بھی اختلاف ہے مگر مشہور ترین قول یہ ہے کہ آپ اس واقعہ کے ۵۰ دن بعد پیدا ہوئے شمسی اور قمری مہینوں اور سالوں کے درمیان مطابقت ایک پیچیدہ مسئلہ ہے اس لیے قطعی طور پر یہ کہنا مشکل ہے کہ پیدائش کا شمسی سال اور مہینہ کونسا تھا عموماً آپ کا سال پیدائش ۵۷۰ء یا ۵۷۱ء بیان کیا جاتا ہے سہیلی نے ''روض الانف'' میں ۲۰ اپریل (نیسان) تاریخ بتائی ہے مگر سال کا ذکر نہیں کیا کوساں دی پرسوال (CAUSSAN DE PERCEVAL) تاریخ عرب میں ۲۰ اگست ۵۷۰ء تاریخ پیدائش متعین کرتا ہے HITTI کہتا ہے کہ آپ ۵۷۱ء یا اس کے لگ بھگ زمانے میں پیدا ہوئے بعض مستشرقین دو سال پیچھے جا کر ۵۶۹ء [۲] آپ کا سال پیدائش بیان کرتے ہیں ولادت مبارکہ کا وقت معتبر روایات میں صبح صادق بیان کیا گیا ہے''

علامہ سید عبدالقدوس ہاشمی صاحب مرحوم نے اپنی کتاب تقویم تاریخی میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ولادت ۹ دسمبر ۵۶۹ء بتائی ہے موصوف نے یہ تاریخ غالباً کسی خریفی تقویم کے مطابق نکالی ہے۔ مولوی اسحاق النبی علوی صاحب کے نظریہ کے مطابق بھی یہی تاریخ آتی ہے موجودہ زمانے میں کئی اہل علم حضور کا سال پیدائش ۵۶۹ء بتلاتے ہیں۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب مقیم پیرس۔ ڈاکٹر نثار احمد صاحب شعبہ اسلامی تاریخ جامعہ کراچی۔ پروفیسر مسعود احمد صاحب مقیم حال سکھر۔ علامہ نیاز فتح پوری صاحب ماہوار رسالہ نگار خدا نمبر وغیرہ۔ ایک فراخ دل مستشرق ڈریپر نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا سال ۵۶۹ء بتایا ہے۔ ڈاکٹر نثار احمد صاحب نے اپنی کتاب ''مستشرقین اور مطالعہ سیرت'' میں اس کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ''۵۶۹ء میں مکہ میں وہ آدمی پیدا ہوا (صلی اللہ علیہ وسلم) جس نے انسانیت پر تمام انسانوں میں سب سے زیادہ اثر ڈالا'' راقم الحروف کی مرتبہ تقویم صفحہ ۳۸ کے مطابق تاریخ ولادت ۱۰ ربیع الاول ۵۵ قمری قبل ہجری۔ ۱۰ ربیع الاول ۵۳ ء کی ربیعی (قمری شمسی) ۱۰ رمضان ۵۴ ء کی خریفی (قمری شمسی) ۱۳ مئی ۵۶۹ء پیر۔ (دیکھئے تقویم کا صفحہ ۳۸)

ایک سندھی عالم علامہ مخدوم محمد ہاشم صاحب ٹھٹوی کی عربی کتاب ''بذا القوۃ فی حوادث سنین النبوۃ'' مترجمہ مولانا محمد یوسف صاحب لدھیانوی ''عہد نبوت کے ماہ وسال'' میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک بوقت وصال تریسٹھ ۶۳ سال تھی اور ایک روایت کے مطابق پینسٹھ ۶۵ سال۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ علامہ صاحب اگرچہ ترجیح تو ۶۳ سال والی روایت کو ہی دیتے ہیں لیکن ۶۵ سال والی روایت کو بھی

---

[۱] ۔ از روئے حساب ۱۲ ربیع الاول کو پیر کا دن ممکن نہیں۔ جو ضروری ہے۔

[۲] ۔ بعض مستشرقین جو دو سال پیچھے جا کر ۵۶۹ء آپ کا سال پیدائش بیان کرتے ہیں وہ گویا اس حدیث کی تصدیق کرتے ہیں جس میں حضور کی حیات مبارک ۶۵ سال بتائی گئی ہے اور ان کے بیان سے میرے اس موقف کی تصدیق نکلتی ہے جو میں نے گذشتہ صفحات میں عرض کیا ہے۔ اور جس کا حاصل یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ۱۰ ربیع الاول پیر ۵۵ قبل ہجری مطابق ۱۳ مئی پیر ۵۶۹ء ہے۔

کم از کم قابل اعتنا ضرور سمجھتے ہیں اور اس کا امکان ظاہر کرتے ہیں کہ شاید ۶۵ سال والی روایت ہی صحیح ہو اور یہ امکان بھی ہمارے موقف کی تائید میں ہے۔

اسی طرح علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری التوفی ۳۱۰ھ کی تاریخ طبری جلد اول سیرت النبی ترجمہ مطبوعہ نفیس اکیڈمی صفحہ ۵۴۳ پر ۶۳ سال والی روایت بیان کرنے کے بعد لکھا ہے۔ "بعض مصاحبوں نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر ۶۵ سال ہوئی اس کے متعلق ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پینسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی ابن حنظلہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پینسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی ہے۔

علامہ حافظ ابن کثیر کی الفصول فی سیرۃ الرسول کا اردو ترجمہ سیرت سرور انبیاء میں بخاری کی حضرت ابن عباس سے منقول روایت میں ۶۱، ۶۳ اور ۶۵ سال حضور کی عمر مبارک بیان کی ہے ان میں راقم الحروف کے مطابق ۶۳ سال مکی ربیعی تقویم کے حساب سے صحیح ہے اور ۶۵ سال قمری قبل ہجری حساب سے صحیح ہے۔ یہ دونوں مدتیں ۶۳ سال اور چار دن مکی ربیعی (قمری شمسی) کے مطابق اور ۶۵ سال اور چار دن قمری قبل ہجری کے مطابق اگرچہ بظاہر مختلف معلوم ہوتی ہیں لیکن دراصل ان دونوں مدتوں سے ایک ہی دن متعین ہوتا ہے یعنی ۱۰ ربیع الاول پیر ۵۵ قبل ہجری مطابق ۱۳ مئی ۵۶۹ء۔ (ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۳۸)

یہ بات ایک تاریخی حقیقت ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نگاری کے سلسلہ میں مسلمانوں نے جو اعتنا برتا ہے اسکی مثال دنیا کی کوئی قوم پیش نہیں کر سکتی مسلمانوں نے سیرت طیبہ کے ایک ایک لمحہ کو محفوظ کر لیا۔ آپ کی زندگی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جس پر تاریکی کا پردہ پڑا ہوا ہو۔ آپ کی زندگی کے ایک ایک پہلو کو موضوع تحقیق بنایا گیا۔ راقم الحروف کے خیال میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کا یہ بھی ایک قابل توجہ گوشہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دنیائے فانی میں کتنا عرصہ قیام فرمایا اور حضور کی عمر مبارک ۶۳ سال ہوئی ہے یا ۶۵ سال احادیث مبارکہ میں یہ دونوں مدتیں بیان ہوئی ہیں اور اس لحاظ سے کوئی صاحب حضور کی عمر مبارک ۶۳ سال بیان کرتے ہیں اور کوئی صاحب ۶۵ سال یہ الجھن اس لئے ہوئی کہ جس زمانے کی یہ تاریخیں ہیں اس زمانے تک کسی بھی سلسلہ تقویم پر کوئی امتیازی نشان (جیسا کہ آجکل ہے) نہیں تھا۔ چنانچہ جو راوی مکی خریفی تقویم استعمال کر رہا تھا اس نے مکی تقویمی حساب کے مطابق ۶۳ سال اور جو راوی قمری ہجری تقویم استعمال کر رہا تھا اس نے حضور کی حیات مبارکہ قمری ہجری حساب کے مطابق ۶۵ سال ظاہر کی۔ مدت تو خیر بالکل صحیح حساب سے محفوظ کی گئی لیکن آئندہ نسلوں کو یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ کونسی مدت کونسی تقویم کے مطابق ہے یہ حقیر راقم الحروف شاید پہلا شخص ہے جو عرض کرنا چاہتا ہے کہ یہ دونوں مدتیں جو بظاہر مختلف دکھائی دیتی ہیں

ان میں کوئی اختلاف یا تضاد نہیں ہے۔ ۶۵ سال اور چار دن کی مدت خالص قمری حساب سے آتی ہے۔ اور ۶۳ سال اور چار دن کی قمری شمسی خریفی حساب سے بنتی ہے۔ دونوں طرح حساب سے ولادت نبوی کا ایک ہی دن متعین ہوتا ہے یعنی ۱۰ ربیع الاول پیر کا دن ۵۵ قمری قبل ہجری مطابق ۱۳ مئی ۵۶۹ء]اور اس مدت قیام کے جو ۱۳ مئی پیر ۵۶۹ء سے ۸ جون پیر ۶۳۲ء تک ہے ۲۳۰۳۸ دن بنتے ہیں (۱۳ مئی اور ۸ جون کو محسوب کرتے ہوئے) ملاحظہ ہو اس تقویم کا صفحہ ۳۸

آخر میں عرض ہے کہ راقم الحروف نے یہ تمام کام پوری دیانت داری سے انجام دیا ہے۔ اگر دانستہ یا نادانستہ کوئی غلطی سرزد ہوگئی ہے یا طرز بیان میں کوئی لفظ حدِ ادب سے تجاوز کر گیا ہے تو اس کیلئے پورے اخلاص کے ساتھ اللہ سے معافی کا خواستگار اور آپ سے معذرت خواہ ہوں۔

اقول قولی ہذا و استغفر اللہ لی ولکم ولسائر المسلمین۔ آمین یا رب العالمین۔